Email- info@awamilalkaar.com

ABC Certified — عوام کی بے ساختہ للکار — MEMBER WUOJ

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت — ایڈیٹر انچیف: محمد فیصل ندیم

جلد نمبر 17 | بدھ، 20 مئی 2026، 03 ذوالحجہ 1447ھ، صفحات 4، قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر 38

منفی پروپیگنڈہ

پاکستان کی ترقی کو روکنے کی کوششیں ناکام ہونگی

مسلح افواج عوام کی حمایت سے دہشتگردی کے خاتمے کیلئے پرعزم، پائیدار ترقی عوام دوست حکمتِ عملی، بہتر طرزِ حکمرانی کیساتھ موثر سکیورٹی اقدامات سے مشروط ہے

بلوچستان میں سکیورٹی اقدامات کیساتھ حکمرانی اور ترقی اہمیت رکھتی ہے، پاکستان نے دنیا میں بلند مقام حاصل کرنا ہے، ملک کی ترقی اور خوشحالی کا سفر منزل تک پہنچے گا

راولپنڈی (اے ایف بی) چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل عاصم منیر نے کہا ہے کہ پاکستان کی ترقی کا سفر پروپیگنڈا، جعلی خبروں یا بیرونی سرپرستی میں دہشت گردی سے نہیں روکا جا سکتا، مسلح افواج عوام کی حمایت سے دہشت گردی کے مکمل خاتمے کیلئے پرعزم ہیں، پائیدار ترقی عوام دوست حکمتِ عملی (بقیہ نمبر 2)

قومی اسمبلی میں پہلے اے آئی فعال پارلیمانی نظام کا اجرا

پارلیمان میں AI نفاذ کیلئے وزارت آئی ٹی، این آئی ٹی بی کی معاونت قابل تحسین

اسلام آباد (سی ایم لنکس) قومی اسمبلی میں پہلے اے آئی فعال پارلیمانی نظام کا اجرا کر دیا گیا، اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے نظام کے افتتاح کو جدید اور ڈیجیٹل پارلیمان کی جانب اہم پیش رفت قرار دے دیا۔ اسلام آباد میں تقریب سے خطاب کرتے ہوئے اسپیکر قومی اسمبلی (بقیہ نمبر 1)

آذربائیجان سے مختلف شعبوں میں تعاون پر اتفاق

فریقین کا دونوں ممالک کے درمیان تعلقات مزید مضبوط بنانے کا عزم

باکو (این این آئی) آذربائیجان اور پنجاب حکومت کے درمیان جدید ٹیکنالوجی و مصنوعی ذہانت سمیت مختلف شعبوں میں تعاون پر اتفاق ہوگیا۔ ذرائع کے مطابق وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کے مشیر علی ڈار نے آذربائیجان کی انوویشن اینڈ ڈیجیٹل ڈویلپمنٹ ایجنسی (آئی ڈی ڈی اے) (بقیہ نمبر 3)

ایران کیساتھ دوطرفہ تعاون بڑھانا چاہتے ہیں، اسحاق ڈار

نائب وزیراعظم سے نامزد سفیر عمران صدیقی کی ملاقات، دوطرفہ تعاون تمام شعبوں میں بڑھانے کے عزم کا اعادہ

قریبی رابطہ کاری، باہمی افہام و تفہیم کے ذریعے دوطرفہ روابط میں مثبت پیش رفت کے تسلسل کی اہمیت پر زور

اسلام آباد (اے ایف بی) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے کہا ہے کہ ایران کے ساتھ تجارتی عوامی روابط اور علاقائی تعاون کے شعبوں میں تعاون کو فروغ دینا چاہتے ہیں، پاکستان اور ایران کے درمیان گہرے تاریخی، ثقافتی اور برادرانہ (بقیہ نمبر 6)

مریم کی بدولت پنجاب دنیا میں منفرد پہچان بنا چکا

مریم نواز نے ورلڈ اربن فورم پر پاکستان کی نمائندگی کرتے ہوئے پنجاب ترقیاتی منصوبوں کو عالمی سطح پر اجاگر کیا

کم ترین عرصے میں سب سے زیادہ منصوبے مکمل کرنے کا اعزاز بھی مریم نواز کو حاصل ہوا ہے، وزیر اطلاعات

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) پنجاب کی وزیر اطلاعات عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز نے ورلڈ اربن فورم پر پاکستان کی نمائندگی کرتے ہوئے پنجاب حکومت کے ترقیاتی منصوبوں کو عالمی سطح پر اجاگر کیا۔ اپنے بیان میں عظمیٰ (بقیہ نمبر 5)

10 ممالک کی گلوبل صمود فلوٹیلا پر اسرائیلی حملوں کی مذمت

گلوبل صمود فلوٹیلا انسانی ہمدردی پر مبنی اقدام، کشتیوں پر حملے، کارکنوں کی گرفتاری عالمی قوانین کی خلاف ورزی

اسرائیل گرفتار تمام کارکنوں کو فوری رہا اور انکے حقوق اور وقار کا مکمل احترام یقینی بنایا جائے، مشترکہ بیان

اسلام آباد (اے ایف بی) پاکستان سمیت 10 ممالک نے غزہ امداد لے کر جانے والے گلوبل صمود فلوٹیلا پر اسرائیلی حملوں کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے مطالبہ کیا ہے کہ اسرائیلی خلاف ورزیوں پر احتساب یقینی بنانے کیلئے عملی اقدامات (بقیہ نمبر 4)

مریم نواز ورلڈ اربن فورم کی ایکسپو میں پنجاب پویلین کا افتتاح کر رہی ہیں جبکہ دوسری جانب آئی گیجٹس سے اپنی چھت اپنا گھر پراجیکٹ کا معائنہ کرتے ہوئے

ورلڈ اینووویشن

اپنی چھت، اپنا گھر پروگرام کی دھوم

مریم نواز کا اظہار مسرت، وزیراعلیٰ نے باکو ورلڈ اربن فورم میں پنجاب پویلین کا افتتاح کر دیا، وزیراعلیٰ کا ورلڈ اربن فورم میں قائم پنجاب پویلین کا دورہ، تفصیلی معائنہ

آئی گیجٹس کی مدد سے اپنی چھت، اپنا گھر پروگرام کا لائیو ورچوئل وزٹ، تعمیراتی ڈاکومنٹری سٹوری بھی دیکھی، اپنی چھت، اپنا گھر دل کے بہت قریب ہے

پراجیکٹ کے تحت 600 سے 700 گھر روزانہ بن رہے ہیں، ایک سال میں 1 لاکھ سے زائد گھر مکمل، عوام کو بلا امتیاز گھر بنانے کیلئے قرض ملا، وزیراعلیٰ مریم نواز شریف

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے آذربائیجان کے شہر باکو میں منعقدہ ورلڈ اربن فورم میں پنجاب پویلین کا افتتاح کر دیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے اربن ایکسپو میں قائم پنجاب پویلین کا دورہ کیا اور مختلف سٹالز کا معائنہ کیا۔ ڈی جی پھاٹا ڈیشان سکندر نے وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کو پنجاب پویلین میں اپنی چھت، اپنا گھر پروگرام پر بریفنگ دی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے ورلڈ اینووویشن میں ٹاپ پراپی (بقیہ نمبر 9)

ڈی پی او قصور کیخلاف توہین عدالت کی درخواست نمٹا دی گئی

لاہور (اے ایف بی) لاہور ہائیکورٹ میں ڈی پی او قصور کیخلاف توہین عدالت کی درخواست پر سماعت ہوئی، جسے عدالت نے رپورٹ کی روشنی میں نمٹا دیا۔ چیف (بقیہ نمبر 8)

تعلیمی اداروں میں منشیات، اداروں سے رپورٹ طلب

وزارت تعلیم کو منشیات خاتمے کیلئے رولز وفاقی حکومت سے منظور کروانے کی ہدایت

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائیکورٹ نے تعلیمی اداروں میں منشیات خاتمے بارے ایچ ای سی، پولیس و ضلعی انتظامیہ سے مانیٹرنگ رپورٹس طلب کرلیں جبکہ میڈیا کو پرائم ٹائم میں منشیات کیخلاف آگاہی مہم چلانے کی ہدایت کرتے ہوئے ریمارکس دیئے ہیں پہلے دن سے (بقیہ نمبر 7)

IMF کا وفاقی اور صوبائی سطح پر اضافی ٹیکس وصولی کا مطالبہ

40 فیصد اضافے کی ہدایت، فریقین کے درمیان میکرو اکنامک فریم ورک اور نئے بجٹ اہداف پر اختلاف برقرار

زراعت، پراپرٹی، سروسز اور دیگر شعبوں سے تقریباً 400 ارب روپے اضافی ٹیکس جمع کرنے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے

اسلام آباد (اے ایف بی) پاکستان اور عالمی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) کے درمیان آئندہ مالی سال کے بجٹ اور معاشی اہداف پر جاری مذاکرات میں فریقین میں میکرو اکنامک فریم ورک اور نئے بجٹ اہداف پر اختلافات برقرار ہیں۔ ذرائع کے حوالے سے میڈیا رپورٹ کے مطابق آئی ایم ایف نے وفاقی اور صوبائی سطح پر اضافی ٹیکس وصولی کا مطالبہ کر دیا ہے، جبکہ صوبوں کو آئندہ مالی سال کے دوران ریونیو میں تقریباً 40 فیصد اضافے کی ہدایت دی گئی ہے۔ حکومت نے اگلے مالی سال کیلئے شرح نمو کا ہدف 4.1 فیصد مقرر کرنے کی تجویز (بقیہ نمبر 13)

اسلام آباد، ٹک ٹاکر ثنا یوسف قتل کیس میں ملزم عمر حیات کا صحت جرم سے انکار

اسلام آباد (اے ایف بی) اسلام آباد میں اپنے ہی گھر میں قتل کی جانے والی ٹک ٹاکر ثنا یوسف کے قتل کیس میں ملزم عمر حیات نے تمام الزامات مسترد کر دیئے، کیس (بقیہ نمبر 15)

جی بی الیکشن، اسلامی تحریک اور استحکام پاکستان میں اتحاد

انتخابات کی تاریخ نزدیک آنے کے ساتھ ہی سیاسی درجہ حرارت بڑھتا جا رہا ہے

گلگت (اے ایف بی) گلگت بلتستان اسمبلی انتخابات میں سیاسی جوڑ توڑ جاری ہے، اسلامی تحریک پاکستان نے استحکام پارٹی پاکستان سے ہاتھ ملا لیا۔ سکردو اسلامی تحریک کے امیدوار وزیر الیاس استحکام پاکستان پارٹی کے حق میں دستبردار ہوگئے، آئی ٹی پی کے مرکزی جنرل سیکرٹری علامہ شبیر مدنی نے گلگت بلتستان سات سکردو کے حلقہ نمبر ایک کی نشست پر راجہ جلال کی حمایت (بقیہ نمبر 14)

پیاس یونیورسٹی کی ریکٹر ڈاکٹر انیلہ عثمان کیمپس میں اوپن ہاؤس اینڈ کیریئر فیئر 2026 کا باضابطہ افتتاح کر رہی ہیں

فیسکو، گیپکو اور آئیسکو کی بجکاری درخواستیں طلب

دستاویز کے مطابق حکومت نے فیسکو، گیپکو اور آئیسکو کے 51 سے 100 فیصد حصص فروخت کرنے کا فیصلہ کیا ہے

آئیسکو اسلام آباد، راولپنڈی اور آزاد کشمیر کے 4.1 لاکھ صارفین کو بجلی فراہم کرتی ہے، ذرائع کی رپورٹ

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی حکومت نے بجلی تقسیم کار کمپنیوں کی نجکاری کیلئے سرمایہ کاروں سے درخواستیں طلب کرلیں۔ نجکاری کمیشن کی دستاویز کے مطابق حکومت نے فیسکو، گیپکو اور آئیسکو کے 51 سے 100 فیصد حصص فروخت کرنے کا فیصلہ کیا ہے، نجکاری کے تحت نجی سرمایہ کاروں کو کمپنیوں کا انتظامی کنٹرول بھی دیا جائے گا۔ فیسکو کیلئے اظہار دلچسپی جمع کرانے کی آخری تاریخ 7 جولائی 2026ء، گیپکو (بقیہ نمبر 10)

ادھار کی رقم واپس مانگنے پر میاں بیوی نے 70 سال کے شخص کو مبینہ طور پر زہریلی چیز پلا کر قتل کر دیا

جہلم (اے ایف بی) جہلم میں ادھار کی رقم واپس مانگنے پر میاں بیوی نے 70 سال کے شخص کو مبینہ طور پر زہریلی چیز پلا کر قتل کر دیا۔ پولیس کے مطابق مقتول محمد اسلم نے (بقیہ نمبر 12)

عیدالاضحیٰ کے موقع پر 6 سرکاری تعطیلات کا امکان

عیدالاضحیٰ کی تعطیلات 27 مئی سے 29 مئی (بدھ سے جمعہ) تک شیڈول

اسلام آباد (اے ایف بی) ملک بھر میں عیدالاضحیٰ 27 مئی کو منائی جائے گی، جس کیلئے رواں سال 5 سے 6 سرکاری تعطیلات کا امکان ہے۔ تفصیل کے مطابق پاکستان میں عیدالاضحیٰ 27 مئی بروز بدھ کو مذہبی جوش و جذبے کے ساتھ منائی جائے گی۔ سرکاری کیلنڈر کے مطابق عید الاضحیٰ کی تعطیلات 27 مئی سے 29 مئی (بدھ سے جمعہ) تک شیڈول ہیں، جو ہفتہ اور اتوار کی (بقیہ نمبر 11)

سپیکر پنجاب اسمبلی ملک احمد خان اور پارلیمانی سیکرٹری سعدیہ تیمور یوتھ پچ پروگرام میں کامیاب طالبہ کو دس لاکھ کا چیک دے رہے ہیں

ڈپٹی کمشنر ڈاکٹر حسن وقار منڈی مویشیوں کے انتظامات بارے منعقدہ جلاس کی صدارت کر رہے ہیں

عیدالاضحیٰ، مویشی منڈیوں کے انتظامات بارے اجلاس

عیدالاضحیٰ کے موقع پر عوام کو ہر ممکن سہولیات فراہم کی جائیں گی، ڈپٹی کمشنر

راولپنڈی (نمائندہ عوامی للکار) ڈپٹی کمشنر راولپنڈی ڈاکٹر حسن وقار چیمہ کی زیر صدارت عیدالاضحیٰ کے موقع پر قائم کی جانے والی مویشی منڈیوں کے انتظامات، سکیورٹی، صفائی ستھرائی اور ٹریفک مینجمنٹ کے حوالے سے اہم اجلاس ڈپٹی کمشنر پیلیکس میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں تمام اسسٹنٹ کمشنرز، متعلقہ محکموں کے افسران اور انتظامی اداروں کے نمائندگان نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران شہریوں کو بہترین سہولیات کی فراہمی، پارکنگ، لائٹنگ، پینے (بقیہ نمبر 18)

سالٹ ویلج کھیوڑہ میں ثقافت، سیاحت اور ہنر کا میلہ

دوروزہ میلے میں ملکی و غیر ملکی شخصیات، صنعتکاروں، سیاحتی نمائندوں کی بھرپور شرکت

کھیوڑہ (سرفراز عباس) پنجاب سمال انڈسٹریز کارپوریشن (PSIC) کے زیر اہتمام سالٹ ویلج کھیوڑہ میں منعقد ہونے والا دوروزہ ثقافتی میلہ پنجاب دی دھرتی تے لون دا میلا 15 اور 16 مئی کو شاندار انداز میں اختتام پذیر ہوگیا۔ میلے کے دوسرے روز معزز مہمانوں، سرکاری افسران، سیاحت و صنعت سے وابستہ شخصیات، کاروباری نمائندگان اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد کی بھرپور شرکت نے تقریب کو چار چاند (بقیہ نمبر 19)

ضمنی الیکشن، لیگی امیدوار ظفر خان بلوچ بلا مقابلہ کامیاب

بلا مقابلہ کامیابی سے ثابت ہوا خوشاب کے لوگ نواز شریف سے محبت کرتے ہیں

سرگودھا (طارق محمود قاسمی سے) پی پی 83 ضمنی الیکشن میں مسلم لیگ ن کے امیدوار سردار ظفر خان بلوچ کی بلا مقابلہ کامیابی وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ترقی خدمت اور عوامی خوشحالی کی سیاست کی جیت ہے ان خیالات کا اظہار مسلم لیگ ن سرگودھا ڈویژن کے صدر چوہدری شاہ نواز رانجھا ضلعی صدر خوشاب سابق سینیٹر ڈاکٹر غوث محمد نیازی (بقیہ نمبر 20)

ڈاکٹر احسان بھٹہ نو قائم شدہ میوزیم کی افتتاحی تقریب میں صوبائی وزیر منشاء بٹ سے شیلڈ لیتے ہوئے

آئینی عدالت زیر التواء مقدمات جلد نمٹانے کیلئے کوشاں

برادر ممالک کے درمیان تجربات کا تبادلہ گورننس کی بہتری کیلئے نہایت اہم ہے

اسلام آباد (سی ایم لنکس) چیف جسٹس وفاقی آئینی عدالت جسٹس امین الدین خان نے کہا ہے کہ وفاقی آئینی عدالت کے قیام کا بنیادی مقصد تیز رفتار اور موثر آئینی انصاف کی فراہمی، مقدمات کے بروقت فیصلوں اور آئینی بالادستی کا تحفظ ہے۔ انہوں نے کہا کہ عدالت شہریوں کو فوری آئینی ریلیف فراہم کرنے اور زیر التواء مقدمات کے جلد از جلد فیصلوں (بقیہ نمبر 25)

کندھ کوٹ، ممتا پروگرام میں مبینہ کرپشن کا الزام

پاکستان الائیڈ ہیلتھ پروفیشنلز کے ڈی ایچ او پر سنگین الزامات، احتجاج کی وارننگ

کندھ کوٹ (سید رشید احمد شاہ) پاکستان الائیڈ ہیلتھ پروفیشنلز ڈسٹرکٹ کشمور کے صدر علی حسن قمبرانی نے ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر سید اعجاز علی شاہ پر سنگین نوعیت کے الزامات عائد کرتے ہوئے دعویٰ کیا ہے کہ ممتا پروگرام میں بڑے پیمانے پر مالی بے ضابطگیاں اور کرپشن کی جا رہی ہے، جس کے باعث غریب اور مستحق خواتین شدید متاثر ہو رہی ہیں۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے علی حسن قمبرانی کا کہنا تھا کہ مذکورہ پروگرام، جو بنیادی طور پر غریب اور بے (بقیہ نمبر 26)

(IEDO) کے تعاون سے اہم آگاہی پروگرام

طلبہ کو انسانی حقوق، آئینِ پاکستان اور شہری ذمہ داریوں سے متعلق شعور فراہم

کندھ کوٹ (سید رشید احمد شاہ) کندھکوٹ پھل پاکستان کی جانب سے انڈس انوائرنمنٹل ڈویلپمنٹ آرگنائزیشن (IEDO) کے تعاون سے ایک اہم آگاہی پروگرام ایلیلینس گرائمر اسکول کندھکوٹ میں منعقد کیا گیا، جس میں طلبہ کو انسانی حقوق، آئینِ پاکستان اور شہری ذمہ داریوں سے متعلق شعور فراہم کیا گیا۔ پروگرام کی قیادت چیف ایگزیکٹو (بقیہ نمبر 27)

بیرون ملک سفری دستاویز گم ہونے پر مکمل تصدیق لازمی قرار

جاری نئی ہدایات کے تحت شناختی کارڈ، پاسپورٹ اور امیگریشن ریکارڈ کی تصدیق ای ٹی ڈی کے اجرا کیلئے لازمی قرار دی گئی

نادرا کے شناختی کارڈ کی تصدیق ضروری قرار جبکہ امپاس سے ایم آر پی یا مینوئل پاسپورٹ کی توثیق بھی لازمی ہوگی

اسلام آباد (اے ایف بی) بیورو آف امیگریشن اینڈ اوورسیز ایمپلائمنٹ نے پاسپورٹ گم ہونے پر ای ٹریول ڈاکیومنٹ (ای ٹی ڈی) کے اجرا سے متعلق اہم ہدایات جاری کردی ہیں۔ بیرون ملک جانے والوں کیلئے ای ٹریول دستاویز کے اجرا سے متعلق نئی ہدایات جاری کے تحت شناختی کارڈ (بقیہ نمبر 21)

چین، پاکستانی سفیر کو ڈپلومیٹ میڈل سے نوازا گیا

ایوارڈ ٹیم کے ارکان، خاندان اور دونوں ممالک کی سفارتی خدمات کو وقف کیا

بیجنگ (اے ایف بی) چین میں پاکستان کے سفیر خلیل ہاشمی کو چینی وزیر خارجہ وانگ یی کی جانب سے بہترین ڈپلومیٹ میڈل سے نوازا گیا ہے۔ وزارت خارجہ بیجنگ میں منعقدہ ایک خصوصی تقریب میں خلیل ہاشمی کو یہ تمغہ پیش کیا گیا، انہیں یہ اعزاز غیر معمولی (بقیہ نمبر 22)

غیر قانونی مویشی فروخت کرنیوالوں کیخلاف کارروائی

جانور منڈی منتقل

غیر قانونی مویشی فروختگی کی اجازت نہیں دیں گے، شہری منڈیوں سے ہی خرید و فروخت کریں، انتظامیہ

صفائی، خوبصورتی و ٹریفک نظام رواں دواں رکھنے کیلئے تجاوزات و غیر قانونی سرگرمیوں کیخلاف کارروائیاں جاری رہیں گی

اسلام آباد (این این آئی) ضلعی انتظامیہ اسلام آباد نے آئی جے پی روڈ پر غیر قانونی مویشی فروخت کرنیوالوں کیخلاف کارروائی کرتے ہوئے جانور قبضے میں لیکر مویشی منڈیوں میں منتقل کردیئے۔ جاری بیان کے مطابق ضلعی انتظامیہ نے ڈپٹی کمشنر اسلام آباد عرفان نواز میمن کی ہدایات پر شہر میں صفائی و ٹریفک روانی برقرار رکھنے کیلئے آئی جے پی روڈ پر (بقیہ نمبر 24)

والدین کے تعاون سے پولیو مہم کامیابی سے جاری

انتظامیہ، محکمہ صحت اور دیگر متعلقہ ادارے فیلڈ میں متحرک ہیں، فوکل پرسن عظمیٰ کا دار

راولپنڈی (حاجی ندیم سے) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی فوکل پرسن برائے پولیو عظمیٰ کا دار نے راولپنڈی میں جاری انسداد پولیو مہم کے حوالے سے ڈپٹی کمشنر آفس میں میڈیا ٹاک کرتے ہوئے کہا ہے کہ راولپنڈی میں پولیو مہم کامیابی سے جاری ہے اور والدین بھرپور تعاون کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہر بچے کو پولیو جیسے موذی مرض سے (بقیہ نمبر 23)

وزیراعلیٰ پنجاب کی فوکل پرسن برائے پولیو عظمیٰ کا دار راولپنڈی میں جاری انسداد پولیو مہم کے سلسلے میں میڈیا نمائندوں سے گفتگو کر رہی ہیں

پیاس اوپن ہاؤس اینڈ کیریئر فیئر 2026 کا کامیاب انعقاد

مختلف انجینئرنگ، سائنسی شعبوں سے تعلق رکھنے والے اختتامی سال کے طلبا نے 120 سے زائد فائنل ایئر پروجیکٹس پیش کیے

پیاس اوپن ہاؤس اینڈ کیریئر فیئر 2026 نوجوان انجینئرز، سائنسدانوں کی صلاحیتوں، محنت اور تخلیقی سوچ کا بہترین مظہر ہے

تعلیم اور صحت میرے دل کے قریب ترین شعبے ہیں

نرسنگ کا شعبہ طب میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا ہے، یوسف رضا گیلانی

اسلام آباد (سی ایم لنکس) چیئرمین سینیٹ پاکستان سید یوسف رضا گیلانی نے نرسز کے عالمی دن کی مناسب سے منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے نرسنگ برادری، پیرا میڈیکل اسٹاف اور شعبہ صحت سے وابستہ تمام افراد کو خراج تحسین پیش کیا اور کہا (بقیہ نمبر 16)

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) پاکستان اٹامک انرجی کمیشن (PAEC) کے زیر انتظام پاکستان انسٹی ٹیوٹ آف انجینئرنگ اینڈ اپلائیڈ سائنسز (پیاس) میں اوپن ہاؤس اینڈ کیریئر فیئر 2026 کامیابی کے ساتھ اختتام پذیر ہوگیا۔ اس اہم ایونٹ میں طلبا، اساتذہ، صنعتی اداروں، قومی و بین الاقوامی کمپنیوں اور (بقیہ نمبر 17)

IMF پاکستان میکرو اکنامک فریم ورک پر اختلاف برقرار

آئی ایم ایف کا وفاقی و صوبائی سطح پر اضافی ٹیکس وصولی کا مطالبہ، صوبوں کو ریونیو میں 40 فیصد اضافے کی ہدایت

اگلے مالی سال کرنٹ اکاؤنٹ خسارہ 4 ارب ڈالر تک جانے کا امکان ہے جبکہ درآمدات 70 ارب ڈالر تک پہنچنے کا خدشہ ہے

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان اور آئی ایم ایف کے درمیان بجٹ اہداف اور میکرو اکنامک فریم ورک پر اختلاف برقرار ہے۔ ذرائع کے مطابق آئی ایم ایف نے وفاقی اور صوبائی سطح پر اضافی ٹیکس وصولی کا مطالبہ ہے، صوبوں کو آئندہ مالی سال میں ریونیو میں تقریباً 40 فیصد اضافے کی ہدایت کی گئی ہے۔ آئی ایم ایف کے مطابق آئندہ مالی (بقیہ نمبر 28)

آمدہ آئینی ترمیم پیپلز پارٹی کے خاتمے کیلئے ہے، جنید

اس سے رہی سہی جمہوریت یا پارلیمنٹ کا بچا کچا کردار بھی ہمیشہ کے لیے ختم ہو جائے گا

اسلام آباد (سی ایم لنکس) تحریک انصاف کے رہنما جنید اکبر کا کہنا ہے کہ جو آئینی ترمیم آرہی ہے میرا نہیں خیال کہ پیپلز پارٹی کا کوئی وجود رہ پائے گا، آئینی ترمیم سے رہی سہی جمہوریت یا پارلیمنٹ کا کردار بھی ختم ہو جائے گا۔ پاکستان تحریک انصاف کے مرکزی رہنما اور رکن قومی اسمبلی جنید اکبر نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے وفاقی حکومت اور (بقیہ نمبر 29)

ڈی جی نارکاٹکس بریگیڈیئر مظہر اقبال انسداد منشیات فروشی سیمینار سے خطاب کے بعد وائس چانسلر سے اعزازی شیلڈ وصول کر رہے ہیں

روزنامہ عوامی للکار Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوام کی بے ساختہ للکار ABC
باقاعدہ اشاعت

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

سندھ طاس معاہدہ! عالمی ثالثی عدالت میں پاکستان کی جیت

عالمی ثالثی عدالت نے سندھ طاس معاہدے پر بھارتی یکطرفہ فیصلہ کو خلاف قانون قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ بین الاقوامی قانون کے تحت بھارت مغربی دریاؤں پر کسی بھی ہائیڈرو پاور منصوبے میں اپنی مرضی سے پانی ذخیرہ نہی کرسکتا۔ بھارت کشن گنگا، ریتلے منصوبوں سے متعلق تمام تکنیکی معلومات اور آبی وسائل کا اپریشنل ڈیٹا پاکستان کے ساتھ شیئر کرے۔ پاکستان نے سندھ طاس معاہدے پر عالمی ثالثی عدالت کے فیصلہ کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ فیصلہ بھارتی بیانیہ کی ناکامی اور پاکستان کے موؤقف کی فتح ہے۔ عالمی ثالثی عدالت نے سندھ طاس معاہدے پر پاکستان کا موؤقف انصاف پر مبنی قرار دے کر بھارتی موقف مسترد کیا اور بھارت پر ذمہ داریاں عائد کردیں۔ عدالت نے ماحولیاتی بھاؤ کے حوالے سے بھی پاکستان کا موقف تسلیم کرتے ہوئے بھارت کو معاہدے پر عملدرامد کا پابند کردیا جو اس امر کا بیّن ثبوت ہے کہ بھارت سفارتی، قانونی اور اخلاقی محاذ پر مکمل ناکام ہو چکا ہے۔ عالمی عدالت کا یہ کہنا کہ بھارت یکطرفہ طور پر سندھ طاس معاہدے کو معطل یا غیر موثر نہیں کرسکتا، پاکستان کے خلاف بھارتی ڈھٹائی اور ہٹ دھرمی کو بے نقاب کر رہا ہے۔ یہ حقیقت کسی سے ڈھکی چھپی نہیں کہ بھارت قیام پاکستان کے وقت سیہی اس کی سلامتی کے درپے ہے اور اس پر جنگیں مسلط کرنے کے ساتھ ساتھ اس کے خلاف آبی دہشت گردی کا بھی مرتکب ہوتا رہتا ہے جس کا مقصد کبھی پاکستان کی جانب پانی چھوڑ کر اسے ڈبونے اور کبھی اس کی طرف آنے والا پانی روک کر اس کی دھرتی کو ریگستان میں تبدیل کرنے اور بھوکا پیاسا مارنے کا ہوتا ہے۔ عالمی بنک کی نگرانی میں سندھ طاس معاہدہ بھی اسی بھارتی ہٹ دھرمی اور اس کے پیدا کردہ آبی تنازعہ کے باعث طے پایا تھا جس کے تحت سندھ، جہلم اور ستلج کے دریاو؟ں کے پانی پر پاکستان کا حق تسلیم کیا گیا مگر بھارت نے معاہدے کی خلاف ورزی کر کے ان دریاؤں پر بھی چھوٹے بڑے بیسیوں ڈیمز تعمیر کر لیئے۔ مقصد صرف ان دریاؤں کے پانی پر اپنا تسلط جمانا تھا۔ گذشتہ سال 21 اپریل کو جب بھارت نے پہلگام فالس فلیگ اپریش کر کے اس کا ملبہ پاکستان پر ڈالا تو بلا تحقیق اس نے یکطرفہ طور پر سندھ طاس معاہدہ بھی معطل کر دیا اور متعلقہ دریاؤں کا پانی پاکستان کی جانب آنے سے روک دیا۔ اس غیر قانونی بھارتی اقدام کے خلاف پاکستان نے عالمی اور علاقائی فوروں پر آواز بھی اٹھائی اور اس کے خلاف عالمی ثالثی عدالت سے بھی رجوع کیا جہاں بھارت کو پاکستان کے اپریشن بنیانِ مرصوص میں اپنی ذلت آمیز شکست ہی کی طرح منہ کی کھانا پڑی۔

بھارت اور اسرائیل تجارت، دفاع اور سفارت کاری

مظفر خان

وزیر اعظم نریندر مودی نے اسرائیل کا دورہ کیا جس کا مقصد ایک اہم تجارتی اور دفاعی پارٹنر کے ساتھ تعلقات کو گہرا کرنا ہے جبکہ مشرق وسطی میں اپنی حکومت کے وسیع تر سفارتی مفادات میں توازن پیدا کرنا ہے۔ نئی دہلی نے اسرائیل کے ساتھ دفاع، زراعت، ٹیکنالوجی اور سائبر سیکورٹی کے شعبوں میں تعاون کو مسلسل بڑھایا ہے۔ ہندوستان کے سب سے بڑے گروپوں میں سے ایک اڈانی گروپ حیفہ روم کی بندرگاہ حیفہ کو چلاتا ہے جب کہ مئی 2025 میں پاکستان کے ساتھ ہندوستان کے جھڑپ کے دوران اسرائیلی فوجی ڈرون ٹیکنالوجی نے اہم کردار ادا کیا۔ اسی وقت ہندوستان خلیجی ممالک اور تہران کے ساتھ مضبوط تعلقات برقرار رکھتا ہے جس میں ایران کی چابہار بندرگاہ کو ترقی دینا بھی شامل ہے۔ افغانستان کے لیے تجارتی گیٹ وے جہاں نئی ؟؟ دہلی نے طالبان حکام کے ساتھ تعلقات استوار کیے ہیں۔ یہاں ہندوستان اسرائیل تعلقات پر ایک گہری نظر ہے۔ ستمبر 2023 میں نئی دہلی میں ہندوستان مشرق وسطی یورپ اقتصادی راہداری کے لیے عظیم منصوبوں کی نقاب کشائی کی گئی تھی۔ جس میں سعودی عرب اور اسرائیل کے ذریعے ریلوے، بندرگاہوں، بجلی، ڈیٹا نیٹ ورکس اور پائپ لائنوں کو جوڑنا تھا۔ یہ منصوبے 7 اکتوبر کو حماس کے اسرائیل پر ہونے والے مہلک حملے سے رک گئے تھے جس کا جواب غزہ کی پٹی میں تباہ کن جنگ کے ساتھ تھا۔ تجارت اسرائیل کے ساتھ سفارتی تعلقات میں مرکزی حیثیت رکھتی ہے جو اس کے جدید ٹیکنالوجی کے شعبے سے مصنوعات تک رسائی فراہم کرتی ہے جب کہ ہندوستان ایک وسیع صارفی منڈی پیش کرتا ہے۔ کلیدی شعبوں میں زراعت ٹیکنالوجی خوراک کی حفاظت، پانی کا انتظام، ہیرے، ڈیری، ماہی پروری اور مینوفیکچرنگ شامل ہیں۔ دوطرفہ تجارت 2024-25 میں 3.75 بلین ڈالر تک پہنچ گئی ہندوستانی اعداد و شمار کے مطابق اگرچہ یہ سمجھا جاتا ہے کہ اسلحے کی فروخت کو خارج کر دیا گیا ہے۔ اسرائیل میں ہزاروں ہندوستانی کام کرتے ہیں جن میں وہ لوگ بھی شامل ہیں جو 7 اکتوبر کے حملے اور 2023 میں جنگ شروع ہونے کے بعد سے فلسطینی تعمیراتی کارکنوں کی ملازمتوں کو تبدیل کرنے کے لیے آئے تھے۔ اسرائیل بھارت کے سب سے بڑے ہتھیار فراہم کرنے والے ممالک میں سے ایک ہے جس نے چین کے ساتھ 1962 کی جنگ اور اس کے بعد 1971 اور 1999 میں پاکستان کے ساتھ ہونے والے تنازعات کے دوران اس کی فوجی مدد کی تھی۔ سٹاک ہوم انٹرنیشنل پیس ریسرچ انسٹی ٹیوٹ (SIPRI) کے مطابق 2020-24 کے درمیان اسرائیل نے ہندوستان کا 13 فیصد فوجی ہارڈ ویئر فراہم کیا جس سے وہ روس اور فرانس کے بعد نئی دہلی کا تیسرا سب سے بڑا سپلائر بن گیا۔ ہندوستان اور اسرائیل نے ڈرون، میزائل سسٹم، ریڈار، سائبر سیکیورٹی ٹیکنالوجی، بحری جہازوں اور آتشیں اسلحے کی تیاری کے لیے اربوں ڈالر کے مشترکہ منصوبے شروع کیے ہیں۔ دونوں ممالک کے درمیان مکمل سفارتی تعلقات 1992 میں قائم ہوئے تھے۔ بھارتی قوم پرست رہنما مودی کے 2014 میں اقتدار سنبھالنے کے بعد تعلقات مزید گہرے ہوئے۔ بھارتی وزیر اعظم مودی نے 2017 میں اسرائیل کا دورہ کیا اور اگلے سال وزیر اعظم بنجمن نیتن یاہو نے ہندوستان کا دورہ کیا۔ دونوں دائیں بازو کے رہنماؤں نے ایک دوسرے کو دوست کہا ہے۔ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ہندوستان کو "بورڈ آف پیس" کا رکن بننے کی دعوت دی جو اس نے غزہ میں اسرائیل اور حماس کے درمیان دو سال سے جاری جنگ کو روکنے کے لیے جنگ بندی پر بات چیت میں مدد کرنے کے بعد قائم کیا تھا۔

Email: info@awamilalkaar.com
روزنامہ عوامی للکار Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوام کی بے ساختہ للکار ABC
باقاعدہ اشاعت

اشاعت خاص

مریم نواز شریف کا عوامی فلاحی انقلاب

مریم نواز شریف کا عوامی فلاحی انقلاب، پنجاب ترقی اور خوشحالی کی نئی مثال بن گیا

اپنی چھت اپنا گھر سے ستھرا پنجاب تک، مریم نواز کے عوامی منصوبوں کی کامیاب داستان

مریم نواز شریف کی قیادت میں پنجاب میں عوامی فلاح، ماحولیاتی تحفظ اور ترقیاتی انقلاب

تحریر۔ سجاد حسین بھٹی

وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے آذربائیجان کے دارالحکومت باکو میں ورلڈ اربن فورم کے لیڈرز سمٹ سے خطاب کرتے ہوئے نہ صرف پنجاب کے ترقیاتی سفر کا احاطہ کیا بلکہ ایک واضح پیغام بھی دیا کہ حکومت کی کامیابی تقریروں یا اعداد و شمار سے نہیں بلکہ عوام کی بدلی ہوئی زندگیوں سے ناپی جاتی ہے۔

ان کے دورِ حکومت کے ابتدائی دو سالوں میں پنجاب میں عوامی بہبود، شہری استحکام، دیہی ترقی، ماحولیاتی تحفظ اور بنیادی ڈھانچے کے شعبوں میں جو انقلابی اقدامات اٹھائے گئے ہیں، وہ نہ صرف صوبے کی تاریخ میں منفرد ہیں بلکہ پائیدار ترقی کے ایک نئے ماڈل کی بنیاد بھی رکھ رہے ہیں۔ مریم نواز شریف نے واضح کیا کہ ان کا اصول ہے: "ترقی کے اس سفر میں کسی کو پیچھے نہیں چھوڑنا"۔ اسی جذبے کے تحت انہوں نے ڈیٹا پر مبنی منصوبہ بندی کو ترجیح دی اور پنجاب سوشل اکانومک رجسٹری جیسا منفرد نظام متعارف کروایا، جو گھر گھر جا کر درست اعداد و شمار جمع کرتا ہے۔ اس سے قبل ترقیاتی منصوبے اکثر اندازوں پر مبنی ہوتے تھے، جبکہ اب ہر اقدام پیمائش اور تشخیص کے بعد اٹھایا جا رہا ہے۔ وزیر اعلیٰ کا سب سے اہم فلیگ شپ پروگرام "اپنی چھت اپنا گھر" ہے، جو بلاسود قرضوں پر دنیا کا سب سے بڑا رہائشی منصوبہ بن چکا ہے۔ محض ایک سال سے کم عرصے میں 1 لاکھ 60 ہزار خاندانوں کو ہاؤسنگ سپورٹ فراہم کی جا چکی ہے جبکہ ایک لاکھ سے زائد خاندان اپنے ذاتی گھروں میں منتقل ہو چکے ہیں۔ اس منصوبے کے ہر نمبر کے پیچھے ایک ماں ہے جو اب بارش کے خوف سے آزاد ہے، ایک باپ ہے جو فخر سے کہہ سکتا ہے کہ "یہ میرا گھر ہے"۔ مریم نواز شریف نے اسے صرف ایک ہاؤسنگ سکیم قرار نہیں دیا بلکہ عوام کے وقار کو مستقل بنانے کا ذریعہ قرار دیا۔ جب وہ کہتی ہیں کہ "میں نے وزیر اعلیٰ کا حلف لیا تو مجھے عہدہ نہیں بلکہ ذمہ داری ملی ہے" تو اس کا مطلب ہر بے چھت خاندان، آلودہ ہوا میں سانس لیتے بچے اور پانی کے لیے میل چلنے والی عورت کی فلاح ہے۔ شہری ترقی کے ساتھ ساتھ دیہی علاقوں کو نظر انداز نہیں کیا گیا۔ ماڈل ویلیج پروگرام کے تحت 2 ہزار سے زائد دیہاتوں میں صاف پانی، نکاسی آب، پکی گلیاں اور سولر انفراسٹرکچر فراہم کیا جا رہا ہے۔ پینے کے صاف پانی تک رسائی کو پبلک ہیلتھ اور انسانی وقار کی مرکزی ترجیح قرار دیا گیا ہے۔ پنجاب پہلی بار شہری اور دیہی علاقوں میں فلٹریشن سسٹم اور سپلائی نیٹ ورکس کو یکساں توجہ دے رہا ہے۔ محض دو سالوں میں 30 ہزار کلومیٹر سے زائد سڑکیں تعمیر اور مکمل کی جا چکی ہیں۔ یہ سڑکیں نہ صرف نقل و حرکت آسان بنا رہی ہیں بلکہ معاشی سرگرمیوں کو بحال کر رہی ہیں اور برادریوں کو دوبارہ جوڑ رہی ہیں۔ صوبے بھر میں 2 ارب ڈالر سے زائد کے اربنائزیشن ڈویلپمنٹ پروگرام کے تحت سڑکیں، نکاسی آب، واٹر اسٹوریج اور شہری لچک کا انفراسٹرکچر تیار ہو رہا ہے۔ پچھلے سال کے سیلاب کے بعد اربن فلڈنگ کے منظم حل اور ماحولیاتی منصوبہ بندی پر توجہ دی گئی ہے، جو دہائیوں بعد پہلی بار ڈیٹا پر مبنی اور منظم انداز میں ہو رہی ہے۔ ثقافتی ورثے کی بحالی کو ماضی کو محفوظ کرنے تک محدود نہیں رکھا گیا۔ سو سے زائد تاریخی مقامات، عجائب گھروں، آثار قدیمہ اور مذہبی مقامات کی تجدید جاری ہے۔ پاکستان کے ثقافتی دل لاہور کو فخر کے ساتھ 2026-2027 کے لیے ایکوٹورازم کیپیٹل قرار دیا گیا ہے جبکہ شنگھائی تعاون تنظیم (SCO) نے بھی لاہور کو بڑے سیاحتی اور ثقافتی مرکز کے طور پر تسلیم کیا ہے۔ یہ بحالی نئے مواقع پیدا کر رہی ہے اور شہروں کو عالمی سیاحوں کے لیے کھول رہی ہے۔ "ستھرا پنجاب" مہم کے تحت ایک لاکھ 50 ہزار سے زائد صفائی کارکن روزانہ خدمت کر رہے ہیں۔ یہ مہم اب ویسٹ ٹو ویلیو کی طرف جا رہی ہے جہاں ٹھوس فضلے کو ری سائیکلنگ، کھاد اور توانائی میں تبدیل کیا جائے گا۔ صاف ہوا کو ہر شہری کا بنیادی حق قرار دیتے ہوئے پنجاب کلین موبلٹی کے تحت پہلے مرحلے میں گیارہ سو الیکٹرک بسیں متعارف کرائی جا چکی ہیں۔ ہدف 2029 تک پانچ ہزار الیکٹرک بسیں، بائیکس اور ٹیکسیاں فراہم کرنا ہے۔ "پلانٹ فار پنجاب" کے تحت 5 کروڑ درخت لگائے جا چکے ہیں جو ماحولیاتی توازن بحال کر رہے ہیں۔ ترقیاتی اخراجات کا ایک فیصد باقاعدہ کلائمیٹ ریزیلینس کے لیے وقف کیا گیا ہے۔ سیف سٹی پروگرام کے تحت ٹیکنالوجی پر مبنی نگرانی اور جرائم کی روک تھام کو وسعت دی گئی ہے۔ محفوظ شہر اب صرف امن و امان کا نام نہیں بلکہ خواتین، بچوں اور ہر شہری کو مکمل تحفظ فراہم کرنے کا نام ہے۔ باکو میں مریم نواز شریف نے صدر الہام علییف کے ویژن کو سراہا اور نواز شریف اور حیدر علییف کے تاریخی رشتے کا تذکرہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ باکو میں کھڑے ہو کر وہ خود کو گھر میں محسوس کرتی ہیں۔ ان کا خطاب پنجاب کے 13 کروڑ عوام کے عزم اور انقلاب کی کہانی لے کر گیا، جہاں شہر اب صرف عمارتوں کا نام نہیں بلکہ انسانی کہانیوں اور وقار کا محافظ بن رہے ہیں۔ مریم نواز شریف کے دور میں پنجاب میں جو تبدیلی آ رہی ہے وہ جمود توڑنے، جرات مندانہ فیصلوں اور عوام centered ترقی کا نتیجہ ہے۔ ہاؤسنگ سے لے کر صفائی، سڑکوں سے لے کر درختوں، پانی سے لے کر سیکورٹی تک، ہر شعبے میں ٹھوس، قابلِ پیمائش اور شفاف اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ جیسا کہ وزیر اعلیٰ نے فرمایا: ''حکومت کی کامیابی عوام کی بدلی ہوئی زندگیوں سے ناپی جاتی ہے''۔ پنجاب اس سفر میں تیزی سے آگے بڑھ رہا ہے اور یہ سفر ہر شہری کو وقار، موقع اور محفوظ مستقبل دینے کا عزم رکھتا ہے۔ یہ انقلاب صرف اعداد و شمار نہیں، بلکہ لاکھوں خاندانوں کی بدلتی تقدیروں کی داستان ہے، جو ابھی صرف آغاز ہے۔

بقیہ 1

سردار ایاز صادق نے کہا کہ جدید ٹیکنالوجی وقت کی اہم ضرورت ہے اور اس کے استعمال سے ادارہ جاتی کارکردگی میں نمایاں بہتری آرہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ماضی میں فائلوں کے باعث کام میں تاخیر ہوتی تھی تاہم ڈیجیٹل نظام کے نفاذ سے شفافیت اور تیزی آئی ہے۔ اسپیکر قومی اسمبلی کا کہنا تھا کہ اراکین قومی اسمبلی ایوان کی کارروائی میں جدید ٹیکنالوجی کے استعمال میں گہری دلچسپی رکھتے ہیں جبکہ قومی اسمبلی کو مرحلہ وار پیپر لیس بنانے کے لیے اقدامات کیے جارہے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ بجٹ دستاویزات کو بھی ڈیجیٹل اور پیپر لیس نظام پر منتقل کیا جارہا ہے۔ سردار ایاز صادق نے کہا کہ پارلیمان میں اے آئی کے نفاذ کے لیے وزارت آئی ٹی اور این آئی ٹی بی کی معاونت قابل تحسین ہے، جبکہ پارلیمانی امور میں ٹیکنالوجی کے مؤثر استعمال سے کارکردگی میں مزید بہتری آئے گی۔ انہوں نے کہا کہ قومی اسمبلی میں جدید ڈیٹا سینٹر کے قیام کے لیے بجٹ مختص کیا جا رہا ہے اور جدید دنیا کے تقاضوں سے ہم آہنگ ہونے کے لیے مصنوعی ذہانت سے استفادہ ناگزیر ہو چکا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ پاکستان کو جدید ٹیکنالوجی کے ساتھ آگے بڑھنا ہوگا تاکہ ترقی یافتہ اقوام کا مقابلہ کیا جا سکے۔ اسپیکر قومی اسمبلی نے مزید کہا کہ اے آئی ٹیکنالوجی کے نفاذ سے اراکین پارلیمنٹ کو قانون سازی اور پارلیمانی امور میں بھرپور سہولت میسر آئے گی، جبکہ وزارت آئی ٹی اور این آئی ٹی بی قومی اداروں کی ڈیجیٹلائزیشن کے لیے مؤثر اقدامات کر رہی ہیں۔ انہوں نے گزشتہ روز قومی اسمبلی میں پہلی مرتبہ پیپر لیس ماحول میں کارروائی کے انعقاد کو تاریخی پیش رفت قرار دیتے ہوئے کہا کہ قومی اسمبلی کے آئی ٹی ڈائریکٹوریٹ کے عملے کی استعداد کار بڑھانے کے لیے این آئی ٹی بی اور وزارت آئی ٹی کے ذریعے تربیت بھی فراہم کی جارہی ہے۔

بقیہ 2

اور بہتر طرز حکمرانی کے ساتھ موثر سکیورٹی اقدامات سے مشروط ہے۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے کوئٹہ گیریژن کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے کمانڈ اینڈ سٹاف کالج کوئٹہ کے اعلیٰ تربیتی معیار، فکری استعداد اور پیشہ ورانہ مہارت کو سراہا۔ چیف آف ڈیفنس فورسز نے کمانڈ اینڈ سٹاف کالج کوئٹہ میں زیر تربیت افسران اور اساتذہ سے خطاب کیا اور جدید جنگ کے تیز رفتار سے بدلتے ہوئے کردار پر روشنی ڈالی۔ اس موقع پر فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے کہا کہ افسران بدلتے ہوئے جنگی تقاضوں کا موثر جواب دینے کے لئے اپنی اور اپنے جوانوں کی مسلسل تربیت یقینی بنائیں، افسران پیشہ ورانہ مہارت، تیاری اور آپریشنل برتری کے اعلیٰ ترین معیار کو برقرار رکھیں۔ انہوں نے کہا کہ کالج کے فارغ التحصیل افسران اپنی غیر معمولی کارکردگی اور پیشہ ورانہ لگن کے باعث ہمیشہ نمایاں رہے ہیں۔ فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے کہا ہے کہ پاکستان کی ترقی اور عروج کو پروپیگنڈے، جعلی خبروں یا بیرونی سرپرستی میں دہشت گردی کے ذریعے روکا نہیں جا سکتا، پراکسیز اور منفی پروپیگنڈے کے ذریعے پاکستان کی ترقی کو سبوتاژ کرنے کی کوشش کرنے والی دشمن قوتیں ناکام ہوں گی، دشمن قوتیں ریاست کی مضبوطی اور عوام کے اتحاد کے باعث بالآخر ناکام ہوں گی۔ فیلڈ مارشل نے کہا کہ پائیدار ترقی عوام دوست حکمتِ عملی اور بہتر طرز حکمرانی کے ساتھ موسر سکیورٹی اقدامات سے مشروط ہے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق فیلڈ مارشل عاصم منیر نے ابھرتی ٹیکنالوجیز، ملٹی ڈومین آپریشنز، تینوں افواج کے درمیان ہم آہنگی اور مستقبل کے جنگی چیلنجز سے باخبر رہنے کی اہمیت پر زور بھی دیا۔ فیلڈ مارشل نے بلوچستان میں تعینات فارمیشنز کے افسران اور جوانوں سے ملاقات کی۔ فیلڈ مارشل عاصم منیر نے بلوچستان میں پائیدار امن و استحکام کی اہمیت پر زور دیتے بلوچستان حکومت کی سماجی و معاشی بہتری اور ریاست و عوام کے درمیان تعلق مضبوط بنانے کی کوششوں کو سراہا اور کہا کہ عوام کی بھلائی کو مدنظر رکھ کر طویل المدتی ترقی اہمیت رکھتی ہے، بلوچستان میں سکیورٹی اقدامات کے ساتھ ساتھ حکمرانی اور ترقی اہمیت رکھتی ہے۔ چیف آف ڈیفنس فورسز نے کہا کہ پاکستان نے دنیا میں بلند مقام حاصل کرنا ہے، پاکستان کا ترقی اور خوشحالی کا سفر منزل تک پہنچے گا۔

بقیہ 3

کی ٹیم سے ملاقات کی جس میں مصنوعی ذہانت سے متعلق مشترکہ حکمت پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ آذر بائیجان کے آفس آف اے آئی اور آئی ڈی ڈی اے نے پنجاب حکومت سے طویل المدتی تعاون پر تفصیلی گفتگو کی۔ ملاقات میں اے آئی پرمپٹی گورننس، ڈیجیٹل انفراسٹرکچر اور جدت کے فروغ کیلئے مشترکہ اقدامات پر اتفاق کیا گیا۔ فریقین نے دونوں ممالک کے درمیان بڑھتے دوطرفہ تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اعادہ کیا۔

بقیہ 4

کیے جائیں اور اسرائیل کو سزا سے استثنیٰ کے خاتمے کیلئے عملی اقدامات کیے جائیں۔ مشترکہ مذمتی بیان پاکستان، ترکیہ، بنگلا دیش، برازیل، کولمبیا، انڈونیشیا، اردن، لیبیا، مالدیپ اور اسپین کے وزرائے خارجہ کی جانب سے جاری کیا گیا ہے۔ مشترکہ بیان میں کہا گیا کہ گلوبل صمود فلوٹیلا ایک پرامن شہری اور انسانی ہمدردی پر مبنی اقدام ہے، اس کا مقصد فلسطینیوں کی سنگین انسانی مشکلات پر عالمی توجہ مبذول کروانا ہے۔ مذمتی بیان میں شہری کشتیوں اور انسانی حقوق کے کارکنوں کو نشانہ بنانے والے مسلسل اقدامات کی مذمت کی گئی ہے۔ مشترکہ مذمتی بیان میں کہا گیا ہے کہ کشتیوں پر حملے، کارکنوں کی گرفتاری عالمی قوانین کی کھلی خلاف ورزی ہیں، اسرائیل گرفتار تمام کارکنوں کو فوری طور پر رہا کرے، گرفتار تمام کارکنوں کے حقوق اور وقار کا مکمل احترام یقینی بنایا جائے۔ دس ممالک کے مشترکہ بیان میں کہا گیا کہ پرامن انسانی ہمدردی کی سرگرمیوں پر حملے عالمی قوانین اور آزاد جہاز رانی کی خلاف ورزی ہیں، عالمی برادری سے مطالبہ کرتے ہیں کہ وہ اپنی قانونی اور اخلاقی ذمہ داریاں پوری کرے۔ بیان میں مطالبہ کیا گیا کہ ان اسرائیلی خلاف ورزیوں پر احتساب یقینی بنانے کیلئے عملی اقدامات کیے جائیں اور اسرائیل کو سزا سے استثنیٰ کے خاتمے کیلئے عملی اقدامات کیے جائیں۔

بقیہ 5

بخاری کا کہنا تھا کہ ورلڈ ارین فورم کے شرکا نے مریم نواز کی دو سالہ کارکردگی پر انتہائی مسرت کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب نے فورم کے شرکا کو اپنی حکومت کے تاریخی منصوبوں سے آگاہ کیا۔ وزیر اطلاعات کے مطابق اپنی چھت اپنا گھر، ستھرا پنجاب، ماڈل ویلج اور صاف پانی جیسے منصوبوں کو فورم میں بھرپور پذیرائی حاصل ہوئی۔ ان کا کہنا تھا کہ پنجاب کے عالمی توجہ حاصل کرنے والے منصوبوں کی تکمیل باعث فخر ہے۔ عظمیٰ بخاری نے مزید کہا کہ مریم نواز کے ویژن کی بدولت پنجاب دنیا کے کئی ممالک میں اپنی منفرد پہچان بنا چکا ہے اور صوبے میں عالمی معیار کے ترقیاتی ماڈل متعارف کروائے گئے ہیں۔ انہوں نے دعویٰ کیا کہ کم ترین عرصے میں سب سے زیادہ منصوبے مکمل کرنے کا اعزاز بھی مریم نواز کو حاصل ہوا ہے جبکہ پنجاب میں ترقیاتی منصوبوں کا معیار ہی ورلڈ فورم پر اصل پہچان بنا۔

بقیہ 6

تعلقات ہیں۔ دفتر خارجہ سے جاری بیان کے مطابق اسحاق ڈار سے ایران کیلئے نامزد سفیر عمران احمد صدیقی نے ملاقات کی، ایران کے ساتھ دوطرفہ تعاون تمام شعبوں میں بڑھانے کے عزم کا اعادہ کیا گیا۔ نائب وزیراعظم اسحاق ڈار نے پاکستان اور ایران کے ثقافتی اور برادرانہ تعلقات کو اجاگر کیا، دو طرفہ تعاون کو تمام شعبوں میں وسعت دینے کے پاکستان کے پختہ عزم کا اعادہ کیا۔ نائب وزیراعظم نے کہا کہ پاکستان دوطرفہ تعاون کو مزید وسعت دینے کیلئے پختہ عزم رکھتا ہے، قریبی رابطہ کاری اور باہمی افہام و تفہیم کے ذریعے دوطرفہ روابط میں مثبت پیش رفت کے تسلسل کی اہمیت پر زور دیتے ہیں۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق اسحاق ڈار نے علاقائی امن، مکالمے اور استحکام کے فروغ میں پاکستان کے تعمیری اور ذمہ دارانہ کردار کو بھی اجاگر کیا۔

بقیہ 7

کہہ رہے ہیں منشیات رائیڈر اور ڈیلیوری بوائے کے ذریعے منتقل ہوتی ہے۔

بقیہ 8

جسٹس عالیہ نیلم نے درخواست پر سماعت کی، جبکہ عدالتی حکم پر ڈی پی او قصور آفتاب بھلروان عدالت میں پیش ہوئے۔ سماعت کے دوران چیف جسٹس عالیہ نیلم نے ڈی پی او قصور سے استفسار کیا کہ کیا آپ نامکمل رپورٹ جمع کرواتے ہیں؟۔ چیف جسٹس نے ریمارکس دیئے کہ آپ کیسے رپورٹ جمع کرواتے ہیں، اس میں ریفرنس، تاریخ اور دیگر تفصیلات بھی درج نہیں تھیں، عدالتیں محض خدشات پر کام نہیں کرتیں۔ انہوں نے کہا کہ ڈی پی او کی رپورٹ نامکمل تھی۔ اس موقع پر سٹینٹ ایڈووکیٹ جنرل وقاص نے عدالت کو بتایا کہ جلد بازی میں جواب جمع کروایا گیا، جس کے باعث درخواست نمٹنے سے متعلق خطرہ رپورٹ کے ساتھ منسلک نہیں کیا جاسکا۔ ڈی پی او قصور آفتاب بھلروان نے عدالت کو آگاہ کیا کہ متعلقہ درخواست پر 11 اگست 2020 کو فیصلہ ہو چکا تھا۔ بعد ازاں ڈی پی او قصور نے عدالت سے معذرت کرتے ہوئے آئندہ محتاط رہنے کی یقین دہانی کروائی، جس پر عدالت نے درخواست نمٹادی۔

بقیہ 9

چھت، اپنا گھر پروگرام دیکھ کر اظہار مسرت کیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے دیگر ترقی پذیر ممالک میں ہاسنگ پراجیکٹ کے بارے میں معلومات حاصل کیں۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے آڈ ٹیکیٹس کی مدد سے اپنی چھت، اپنا گھر پروگرام کا لائ ورچوئل وزٹ کیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے اپنی چھت، اپنا گھر کی تعمیراتی ڈاکومنٹری سٹوری کا بھی مشاہدہ کیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے پنجاب پویلین کے سٹال پر موجود سٹاف سے بات چیت کی اور انہیں سراہا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے پنجاب پویلین میں غیر ملکی شرکا کو پنجاب کے افورڈ ایبل اربن ہاسنگ پراجیکٹ کی کامیابی سے متعلق آگاہ کیا۔ عالمی وفود نے وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کے وژن اور عوامی اقدامات کو زبردست خراج تحسین پیش کیا۔ اپنی چھت، اپنا گھر پروگرام کی دستاویزی فلم میں عوام کی بے لاگ خوشی دیکھ کر غیر ملکی میڈیا اور مہمانوں نے وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کو تالیاں بجا کر داد دی۔ آذربائیجان کے شہر باکو میں پنجاب پویلین کی افتتاحی تقریب میں بین الاقوامی میڈیا نے ریکارڈ اور بھرپور شرکت کی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف سے پنجاب پویلین میں موجود شرکا اور عالمی وفود، میڈیا پرسنز نے ملاقاتیں کیں۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے بتایا کہ اپنی چھت، اپنا گھر پروگرام میرے دل کے بہت قریب ہے۔ اپنی چھت، اپنا گھر پروگرام میں پنجاب کے عوام کو بلاتفریق اور بلاامتیاز گھر بنانے کے لئے قرض ملا۔ پراجیکٹ کے تحت 600 سے 700 گھر روزانہ بن رہے ہیں۔ محض ایک سال کے قلیل عرصے میں اپنی چھت، اپنا گھر سکیم کے تحت 1 لاکھ سے زائد گھر مکمل ہوئے ہیں۔ پنجاب پویلین میں مہمانوں اور عالمی میڈیا کی جانب سے اپنی چھت، اپنا گھر منصوبے کی تعریف کی گئی، وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کو خراج تحسین پیش کیا۔ ورلڈ اربن فورم میں پنجاب پویلین دنیا بھر کے مندوبین کی توجہ کا مرکز بن گیا۔ باکو میں ورلڈ اربن فورم میں اپنی چھت، اپنا گھر سکیم کو عالمی پذیرائی ملی ہے۔ بین الاقوامی میڈیا نے وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی حکومت کے اپنی چھت، اپنا گھر پروگرام کی ریکارڈ رفتار کو رول ماڈل قرار دے دیا۔

بقیہ 10

کیلئے 6 اگست 2026ء جبکہ آئیسکو کیلئے آخری تاریخ 7 ستمبر 2026 مقرر کی گئی۔ ہر کمپنی کیلئے درخواست کیساتھ 14 لاکھ روپے کی ناقابل واپسی فیس لازمی قرار دی گئی، نجکاری عمل سے متعلق آن لائن بریفنگ سیشن 3 جون 2026 کو زوم پر ہو گا۔ ذرائع کے مطابق فیسکو وسطی پنجاب میں 5 7 لاکھ صارفین کو بجلی فراہم کرتی ہے، گیپکو گوجرانوالہ اور سیالکوٹ سمیت کئی اضلاع میں خدمات فراہم کرتی ہے، آئیسکو اسلام آباد، راولپنڈی اور آزاد کشمیر کے 41 لاکھ صارفین کو بجلی فراہم کرتی ہے۔ ذرائع کے مطابق نجکاری سے سرمایہ کاری میں اضافہ، گردشی قرضوں میں کمی آئے گی۔

بقیہ 11

ہفتہ وار چھٹیوں کے ساتھ مل کر 5 روزہ بریک بنتی ہیں۔ تاہم، حکومتی ذرائع کے مطابق پردیسیوں کو اپنے آبائی شہروں کا سفر کرنے اور اہل خانہ کے ساتھ عید منانے کی سہولت دینے کے لئے چھٹیوں کا آغاز 26 مئی بروز منگل سے کیے جانے کا قوی امکان ہے۔ اگر وفاقی حکومت کی جانب سے یہ منظوری دے دی گئی تو عید کی تعطیلات کا یہ سلسلہ 6 دنوں پر محیط ہو جائے گا۔ وفاقی حکومت کی جانب سے ابھی تک نوٹیفکیشن جاری نہیں ہوا ہے۔

بقیہ 12

ملزم محمد ارشد اور اس کی بیوی خورشید بی بی کو 3 لاکھ روپے ادھار دے رکھے تھے، محمد اسلم رقم کی واپسی کا مطالبہ کرنے کے لیے ملزمان کے گھر گیا تھا۔ مرنے سے قبل دیئے گئے بیان میں مقتول نے الزام عائد کیا کہ ملزمہ نے شربت میں زہریلی چیز ملا کر اسے پلائی، بعد ازاں محمد اسلم کو تشدد کا نشانہ بنایا گیا اور ایک کمرے میں بند کر دیا گیا۔ پولیس کا کہنا ہیکہ ملزمان نے محمد اسلم کو مردہ سمجھ کر رات کی تاریکی میں ویرانے میں پھینک دیا، تاہم ایک راہگیر نے اسے بے ہوشی کی حالت میں دیکھ کر اسپتال منتقل کیا۔ پولیس کے مطابق زخموں اور مبینہ زہریلی چیز کے اثرات کے باعث محمد اسلم جانبر نہ ہوسکا اور دم توڑ گیا، واقعے کے بعد پولیس نے ملزمہ خورشید بی بی اور اس کے شوہر محمد ارشد کو حراست میں لے لیا ہے جبکہ مزید تحقیقات جاری ہیں۔

بقیہ 13

دی ہے، جبکہ آئی ایم ایف کے مطابق آئندہ مالی سال جی ڈی پی گروتھ 3.5 فیصد رہنے کا امکان ہے۔ رواں مالی سال حکومت نے 4.2 فیصد شرح نمو کا ہدف رکھا تھا، تاہم کارکردگی 3 . 7 فیصد رہی۔ حکومتی تخمینے کے مطابق آئندہ مالی سال اوسط مہنگائی 8.6 فیصد رہ سکتی ہے، تاہم حکام کا کہنا ہے کہ مشرق وسطیٰ میں کشیدگی برقرار رہنے کی صورت میں مہنگائی مزید بڑھ سکتی ہے۔ ذرائع کے مطابق صوبوں میں زراعت، پراپرٹی، سروسز اور دیگر شعبوں سے تقریباً 400 ارب روپے اضافی ٹیکس جمع کرنے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے، نئے بجٹ میں پرائمری سرپلس کا ہدف جی ڈی پی کے 2 فیصد کے مساوی رکھنے کی تجویز بھی زیر غور ہے۔ اقتصادی حکام کے مطابق اگلے سال کرنٹ اکاؤنٹ خسارہ جی ڈی پی کا ایک فیصد، 4 ارب ڈالر تک ہوسکتا ہے، جبکہ اگلے مالی سال غیر ملکی درآمدات 70 ارب ڈالر تک جانے کا تخمینہ لگایا گیا ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ اگر برآمدات میں خاطر خواہ اضافہ نہ ہوا تو تجارتی خسارہ مزید بڑھنے کا خدشہ ہے، جبکہ نئے مالی سال میں بھی معیشت کو سہارا دینے کیلئے ترسیلات زر پر انحصار برقرار رہے گا اور ترسیلات زر کے 42 ارب ڈالر سے تجاوز کرنے کی توقع ہے۔

بقیہ 14

کا باضابطہ اعلان کر دیا۔ راجہ جلال حسین نے انتخابی اتحاد کے بعد سیاسی پوزیشن کو مزید مستحکم قرار دیا انتخابات کی تاریخ نزدیک آنے کے ساتھ ہی سیاسی درجہ حرارت بڑھتا جا رہا ہے۔

بقیہ 15

اپنے آخری مراحل میں داخل ہوگیا۔ اسلام آباد کی ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن کورٹ میں ثنا یوسف قتل کیس کی سماعت ایڈیشنل سیشن جج افضل مجوکہ نے کی، جہاں ملزم عمر حیات کا دفعہ 342 کے تحت بیان قلمبند کیا گیا۔ سماعت کے دوران ملزم نے ابتدائی طور پر وکیل کی عدم موجودگی میں جواب دینے سے انکار کیا، تاہم عدالت نے واضح کیا کہ 342 کا بیان جج اور ملزم کے درمیان ہوتا ہے۔ جج کی جانب سے قتل، موبائل چوری، کرائے کی گاڑی، لوکیشن، شناخت پریڈ اور اعتراف جرم سے متعلق متعدد سوالات کیے گئے جن پر ملزم نے تمام الزامات مسترد کرتے ہوئے کیس کو جھوٹا اور پلانٹڈ قرار دیا۔ سماعت میں ملزم نے کہا کہ اس نے ثنا کے قتل کرنے کا کوئی اعتراف، کوئی انکشاف نہیں کیا۔ اس کا ثنا یوسف سے کوئی رابطہ نہیں تھا۔ جج نے کہا دورانِ تفتیش ثنا یوسف کے فون سے کا کا کے نام سے ایک نمبر سامنے آیا، موبائل فرانزک کے بعد نمبر آپ کا نکلا، کیا کہیں گے؟ ملزم عمر حیات نے کہا وہ وکیل کے بغیر جواب نہیں دے سکتا۔ جج نے ملزم سے پوچھا کیا آپ ثنا یوسف کو قتل کرنے کے لیے اس کے گھر گئے، سینے پر 2 فائر کیے، موبائل لیا اور چلے گئے؟۔ عمر حیات کا کہنا تھا کہ اسے شک کی بنیاد پر گرفتار کیا گیا، پولیس نے تشدد کر کے خالی کاغذات پر انگوٹھے لگوائے اور سوشل میڈیا دبا کے تحت مقدمے میں پھنسایا۔ سماعت کے دوران کمرہ عدالت میں ویڈیو بنانے پر جج اور وکیل صفائی کے درمیان تلخ جملوں کا تبادلہ بھی ہوا۔ عدالت نے ملزم کا بیان مکمل ہونے کے بعد کیس کی سماعت منگل تک ملتوی کر دی۔ آئندہ سماعت پر کیس کا فیصلہ محفوظ ہونا متوقع ہے۔

بقیہ 16

کہ تعلیم اور صحت میرے دل کے قریب ترین شعبے ہیں اور ایک مضبوط، ترقی یافتہ اور خوشحال پاکستان کے لیے معیاری صحت اور تعلیم کی فراہمی ناگزیر ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کے ہسپتالوں کا معیار ایسا ہونا چاہیے کہ شہریوں کو علاج کی غرض سے بیرون ملک جانے کی ضرورت پیش نہ آئے۔ انہوں نے کہا کہ ملتان میں مختیار ہسپتال کا قیام صحت کی بہترین سہولیات فراہم کرنے کے لئے بنایا گیا ہے۔ تقریب کا اہتمام معروف انٹرنیشنل ہسپتال اور موون پک ہوٹل سیفارس کے باہمی اشتراک سے کیا گیا۔ چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ نرسنگ کا شعبہ طب میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا ہے جو مشکل ترین حالات میں نہ صرف مریضوں کی دیکھ بھال کرتی ہیں بلکہ ان کے اہلِ خانہ کو بھی حوصلہ، امید اور اعتماد فراہم کرتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ نرسنگ برادری کی خدمات انسانیت کے لیے عظیم سرمایہ ہیں اور پوری قوم ان کی قربانیوں اور انتھک خدمات کو سلام پیش کرتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ صحت کے شعبے میں جدید اصلاحات وقت کی اہم ضرورت ہیں اور سینیٹ آف پاکستان عوامی صحت کے نظام کو مضبوط، مؤثر اور جدید تقاضوں سے ہم آہنگ بنانے کے لیے پُرعزم ہے۔ چیئرمین سینیٹ نے اس امر پر اطمینان کا اظہار کیا کہ پاکستان نرسنگ اینڈ مڈوائفری کونسل بل 2026 پر دستخط کیے جا چکے ہیں جس کے ذریعے نرسنگ کے تعلیمی اور پیشہ ورانہ معیار کو عالمی سطح کے مطابق استوار کرنے میں مدد ملے گی۔ چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ ٹیلی میڈیسن، مصنوعی ذہانت اور جدید ٹیکنالوجی صحت کے شعبے میں انقلابی تبدیلیاں لا سکتی ہیں۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ نرسز اور پیرا میڈیکل اسٹاف کی جدید خطوط پر تربیت ناگزیر ہے تاکہ پاکستان کا نظام صحت عالمی معیار کے مطابق استوار کیا جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ انسانی وسائل میں سرمایہ کاری دراصل قومی استحکام، معاشی ترقی اور سماجی خوشحالی کی ضمانت ہے۔ انہوں نے کہا کہ نرسنگ کمیونٹی کو بہتر ورکنگ ماحول، مساوی مواقع اور پیشہ ورانہ ترقی کے وسیع امکانات فراہم کرنا ریاست کی ذمہ داری ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی تربیت یافتہ افرادی قوت کی دنیا بھر میں بڑی قدر کی جاتی ہے جو اس امر کا ثبوت ہے کہ اگر مقامی سطح پر معیاری سہولیات اور تربیت فراہم کی جائے تو پاکستانی نوجوان عالمی سطح پر نمایاں مقام حاصل کر سکتے ہیں۔ چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے کہا کہ ملتان میں مختیار شیخ ہسپتال کا قیام عوام کو بہتر طبی سہولیات فراہم کرنے کی ایک اہم کوشش ہے اور اسی طرز کے جدید اور معیاری طبی مراکز ملک بھر میں قائم کیے جانے چاہئیں تاکہ ہر شہری کو اس کے دروازے پر معیاری علاج کی سہولت میسر آ سکے۔ انہوں نے کہا کہ معیاری طبی سہولیات ہر شہری کا بنیادی حق ہیں اور ہمیں اجتماعی طور پر ہسپتالوں کا معیار بہتر بنانے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ صحت مند، مضبوط اور خوشحال پاکستان ہم سب کا مشترکہ ویژن ہے اور اس مقصد کے حصول کے لیے حکومت، پارلیمنٹ، طبی ماہرین، نرسنگ برادری اور عوام کو مشترکہ کردار ادا کرنا ہوگا۔ چیئرمین سینیٹ نے عالمی یوم نرسز کے موقع پر ایک بار پھر نرسنگ برادری کی قومی خدمات، جذبہ ایثار اور انسان دوستی کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ قوم اپنے ان محسنوں کی قربانیوں کو ہمیشہ قدر کی نگاہ سے دیکھتی رہے گی۔

بقیہ 17

میڈیا نمائندگان کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ ایونٹ کے دوران مختلف انجینئرنگ اور سائنسی شعبوں سے تعلق رکھنے والے اختتامی سال کے طلبا نے 120 سے زائد فائنل ایئر پروجیکٹس پیش کیے جن میں جدید ٹیکنالوجی، تحقیق، تخلیقی صلاحیتوں اور صنعتی مسائل کے حل پر خصوصی توجہ دی گئی۔ ان منصوبوں کو شرکا اور صنعتی نمائندگان نے بے حد سراہا۔ اس موقع پر تقریباً 50 معروف قومی و بین الاقوامی کمپنیوں اور اداروں نے بھی شرکت کی، جہاں طلبا کو روزگار، تربیت، انٹرن شپ اور مستقبل کے عملی مواقع سے متعلق رہنمائی فراہم کی گئی۔ طلبا و طالبات اور صنعتی نمائندگان کے درمیان ملاقاتوں اور تبادلہ خیال نے تعلیمی اداروں اور صنعت کے درمیان روابط مزید مضبوط بنانے میں اہم کردار ادا کیا۔ تقریب کا آغاز تلاوت قرآنِ پاک اور قومی ترانے سے ہوا۔ ریکٹر پیاس ڈاکٹر انیلہ عثمان نے اس ایونٹ کے حوالے سے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ پیاس اوپن ہاؤس اینڈ کیریئر فیئر 2026 نوجوان انجینئرز اور سائنسدانوں کی صلاحیتوں، محنت اور تخلیقی سوچ کا بہترین مظہر ہے۔ پیاس میں نوجوانوں کو ملک و قوم کی ترقی میں مؤثر کردار ادا کرنے کے لیے جدید تعلیم، تحقیق اور ٹیکنالوجی کے ذریعے تیار کیا جاتا ہے جبکہ ایسے ایونٹس تعلیمی اداروں اور صنعت کے درمیان مضبوط روابط قائم کرنے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ شرکا اور مہمانوں نے پیاس اوپن ہاؤس اینڈ کیریئر فیئر 2026 کو نوجوان نسل کے لیے ایک اہم سنگِ میل قرار دیتے ہوئے اس ایونٹ کو جدت، پیشہ ورانہ ترقی اور صنعت و تعلیمی اداروں کے درمیان مؤثر ہم آہنگی کے فروغ کی کامیاب کاوش قرار دیا

بقیہ 18

کے صاف پانی، ویسٹ مینجمنٹ اور ٹریفک کی روانی کو یقینی بنانے کے اقدامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں مویشی منڈیوں میں لائیو سٹاک ڈیپارٹمنٹ کے خصوصی کائنٹرز قائم کرنے کا بھی فیصلہ کیا گیا جہاں جانوروں کی صحت، ویکسینیشن، بیماریوں کی تشخیص اور فوری طبی امداد کی سہولیات فراہم کی جائیں گی۔ افسران کو ہدایت کی گئی کہ جانوروں میں پھیلنے والی بیماریوں کی روک تھام کے لیے باقاعدہ سپرے، جراثیم کش اقدامات اور ویٹرنری ٹیموں کی موجودگی یقینی بنائی جائے تاکہ صحت مند ماحول برقرار رکھا جا سکے۔ ڈپٹی کمشنر ڈاکٹر حسن وقار چیمہ نے متعلقہ اداروں کو ہدایت کی کہ مویشی منڈیوں میں صفائی، سیکیورٹی اور طبی سہولیات کے مؤثر انتظامات ہر صورت یقینی بنائے جائیں جبکہ شہریوں کی رہنمائی کے لیے انفارمیشن ڈیسک بھی قائم کیے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت پنجاب کی ہدایات کے مطابق عیدالاضحیٰ کے موقع پر عوام کو ہر ممکن سہولیات فراہم کی جائیں گی اور انتظامیہ تمام انتظامات کی مسلسل نگرانی کرے گی تاکہ شہریوں کو کسی قسم کی پریشانی کا سامنا نہ ہو

بقیہ 19

لگا دیے۔ تقریب میں خصوصی طور پر ایران کے سفارت خانے اسلام آباد سے کلچرل قونصلر مسٹر ماجد مشکی، وزیراعظم یوتھ پروگرام برائے ٹورازم اینڈ ہاسپٹیلٹی کے فوکل پرسن محرف راجہ، رکن قومی اسمبلی جہلم چوہدری فرخ الطاف، پنجاب مائنز اینڈ منرلز ڈیپارٹمنٹ کے منیجنگ ڈائریکٹر وحید ارجمند ضیا، پاکستان ایسوسی ایشن آف فور آرمیز کے ایگزیکٹو کمیٹی ممبر ساجد محمود مغل، راولپنڈی چیمبر آف سمال ٹریڈرز اینڈ سمال انڈسٹریز کے قائم مقام صدر دوست علی جان، نائب صدر آصف جاوید، COTHM کالج دبئی کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر علی رضا حسنین COTHM کے ریجنل ہیڈ نارتھ حنیف اختر، سابق تحصیل ناظم پنڈ دادنخان چوہدری عابد اشرف جوتانہ، ممبر قومی اسمبلی چوہدری فرخ الطاف حسین، کمیونٹی آفیسر محمد وقار LCI اور پراجیکٹ منیجر PMDC ملک نعیم واگھرا سمیت دیگر اہم شخصیات نے شرکت کی۔ مہمانوں کا استقبال پنجاب سمال انڈسٹریز کارپوریشن راولپنڈی کے ریجنل ڈائریکٹر خرم آفتاب ڈار اور سالٹ ویلج کیھوڑہ کی پراجیکٹ ڈائریکٹر میڈم سعدیہ نورین نے کیا۔ اس موقع پر انہوں نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اس میلے کا مقصد پنجاب کی ثقافت، روایتی ہنر، مقامی دستکاری، سیاحت اور کاروباری سرگرمیوں کو فروغ دینا ہے تاکہ مقامی فنکاروں اور ہنرمندوں کو قومی و بین الاقوامی سطح پر متعارف کروایا جا سکے۔ میلے میں روایتی دستکاری، ثقافتی اسٹالز، مقامی مصنوعات، ہینڈی کرافٹس اور پنجاب کی ثقافت کے خوبصورت رنگ نمایاں رہے۔ شرکا نے انتظامات، فنکاروں کے کام، ثقافتی ورثے کے فروغ اور سیاحت کے لیے کی جانے والی کاوشوں کو بے حد سراہا۔ سالٹ ویلج کے 10 ورکشاپ ہولڈرز اور کاروباری افراد کی جانب سے نمک سے تیار کی گئی نئی اور منفرد مصنوعات کی خصوصی نمائش بھی منعقد کی گئی، جس نے شرکا کی بھرپور توجہ حاصل کی۔ اس کے ساتھ ساتھ سالٹ ویلج سے تربیت حاصل کرنے والے 125 طلبہ و طالبات میں اسناد تقسیم کی گئیں، جنہوں نے نمک سے ماڈلز اور مختلف آرٹ ورک تیار کرنے کی عملی تربیت مکمل کی۔ معزز مہمانوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ کھیوڑہ جیسے تاریخی اور سیاحتی مقام کو عالمی سطح پر اجاگر کرنے کے لیے ایسے ثقافتی میلوں کا انعقاد وقت کی اہم ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ اقدامات نہ صرف پاکستان کے ثقافتی تشخص کو مضبوط بناتے ہیں بلکہ مقامی صنعت، ہنرمندوں اور سیاحت کے فروغ میں بھی اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ پراجیکٹ ڈائریکٹر میڈم سعدیہ نورین نے میلے میں شرکت کرنے والے تمام معزز مہمانوں، سرکاری اداروں، کاروباری شخصیات، فنکاروں، میڈیا نمائندگان اور عوام کا خصوصی شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے کہا کہ سالٹ ویلج کیھوڑہ کو ثقافتی، سیاحتی اور ہنرمندی کے عالمی مرکز کے طور پر متعارف کروانے کے لیے ایسی سرگرمیاں مستقبل میں بھی جاری رکھی جائیں گی۔ سیکیورٹی فوکل پرسن ملک وقار کا خصوصی شکریہ ادا کیا گیا، جنہوں نے میلے کے دوران بہترین انتظامات اور پرامن ماحول کو یقینی بنایا۔

بقیہ 20

صلعی جنرل سیکرٹری ملک کرم الٰہی بندیال ڈویژنل کوآرڈینیٹر رائے حامد رضا بھٹی ڈویژنل نائب صدور مہر غلام عباس لک حافظ اللہ بخش اہیر ملک ر

زمینداروں سے 2 لاکھ 25 ہزار ٹن گندم خریدنے کا اعلان

صوبائی حکومت اپنے وسائل سے 3500 روپے فی من کے حساب سے گندم خریدے گی' قیمت مال سپلائی کے بعد کی جائیگی

گیس کی بندش اور آٹے کے بحران پر صوبائی حکومت، اپوزیشن اور گورنر خیبر پختونخوا ایک ہی پیج پر آگئے ہیں

پشاور (اے ایف پی) خیبر پختونخوا حکومت نے زمینداروں سے 2 لاکھ 25 ہزار ٹن گندم خریدنے کا اعلان کیا ہے۔ یہ بات مشیر برائے خزانہ خیبر پختونخوا مزمل اسلم نے کہی۔ اپنے بیان میں انہوں نے بتایا کہ خیبر پختونخوا حکومت 2 لاکھ 25 ہزار ٹن گندم زمینداروں سے خرید نے جا رہی ہے۔ انہوں نے بتایا (بقیہ نمبر 30)

عمران کے بعد بشریٰ کی قید تنہائی کا معاملہ بھی عدالت میں

کسی بھی عدالت نے بشریٰ بی بی کو تنہائی میں قید کی سزا نہیں سنائی' مئوقف

اسلام آباد (سی ایم لنکس) بانی پی ٹی آئی عمران خان کے بعد ان کی اہلیہ بشریٰ بی بی کی قید تنہائی کا معاملہ بھی ہائیکورٹ پہنچ گیا۔ تفصیلات کے مطابق مبشرہ خاور مانیکا نے بشریٰ بی بی کی قید تنہائی کے خلاف اسلام آباد ہائیکورٹ میں درخواست دائر کردی۔ درخواست (بقیہ نمبر 31)

ڈی جی نارکاٹکس بریگیڈیئر مظہر اقبال یوای ٹی میں انسداد منشیات فروشی سے متعلق آگاہی سیمینار سے خطاب کر رہے ہیں

FIA ملازمین پر خصوصی قواعد ہی نافذ العمل ہیں

جنرل کلاز ز ایکٹ کی دفعہ 8 کے ذریعے خصوصی کو عمومی قواعد سے تبدیل نہیں کیا جا سکتا

اسلام آباد (سی ایم لنکس) سپریم کورٹ آف پاکستان نے قرار دیا ہے کہ ایف آئی اے ملازمین کے خلاف محکمانہ کارروائی صرف 1978ء کے خصوصی انفیشنسی اینڈ ڈسپلن قواعد کے تحت ہی کی جا سکتی ہے، سول سرونٹس انفیشنسی اینڈ ڈسپلن رولز 2020 خود بخود ایف آئی اے پر لاگو نہیں ہوتے۔ رپورٹنگ کے لیے منظور شدہ تحریری تفصیلی فیصلہ کے مطابق (بقیہ نمبر 32)

اعتراف جرم پر مبنی سزا کالعدم قرار' ملزم کو بری کر دیا

اگر ملزم کسی دوسرے مقدمے میں مطلوب نہیں تو اسے فوری رہا کیا جائے' حکم

اسلام آباد (سی ایم لنکس) سپریم کورٹ نے قرار دیا ہے کہ رضا کارانہ، سچا اور قانون کے مطابق ریکارڈ نہ کیا گیا اعترافی بیان کسی بھی ملزم کو سزا دینے کی بنیاد نہیں بن سکتا، خصوصاً جب بیان بعد میں واپس لے لیا گیا ہو اور اس کی آزادانہ شہادت سے توثیق بھی موجود نہ ہو۔ جسٹس جمال خان مندوخیل کی سربراہی میں تین رکنی بنچ نے احمد سعید عرف (بقیہ نمبر 33)

ناردرن بائی پاس پر ٹریلر، کوسٹر میں تصادم، ٹریفک روانی متاثر

کراچی (لارڈ میڈیا) کراچی ناردرن بائی پاس پر یوسف گوٹھ بس ٹرمینل کے سامنے ٹریلر و کوسٹر میں تصادم سے ٹریفک روانی متاثر ہوگئی۔ ریسکیو ذرائع کے مطابق حادثہ تیز رفتاری کے باعث پیش آیا تاہم خوش (بقیہ نمبر 34)

وادی کمراٹ میں موسلا دھار بارش، لینڈ سلائیڈنگ سے مرکزی شاہراہ بند

اپر دیر (سی ایم لنکس) دیر بالا کے سیاحتی مقام وادی کمراٹ میں شدید بارش سے ندی نالیوں میں طغیانی آگئی جبکہ دریائے کوہستان میں پانی کی سطح بلند ہوگئی۔ وادی کمراٹ (بقیہ نمبر 35)

تعلیمی اداروں میں منشیات کا خاتمہ سخت اقدامات کا حکم

کراچی میں زیر سماعت ایک کیس میں رائیڈرز اور ڈیلیوری بوائز کے منشیات کی ترسیل میں ملوث ہونے کا انکشاف ہوا ہے

پہلے دن سے کہہ رہے ہیں کہ منشیات رائیڈرز اور ڈیلیوری بوائز کے ذریعے منتقل ہوتی ہے' جسٹس انعام کے ریمارکس

اسلام آباد (اے ایف پی) اسلام آباد ہائیکورٹ میں تعلیمی اداروں میں منشیات کے خاتمے سے متعلق کیس کی سماعت ہوئی، جہاں عدالت نے ایچ ای سی سے یونیورسٹیوں میں منشیات کیخلاف اقدامات کی رپورٹ طلب کر لی۔ جسٹس انعام امین منہاس نے کیس کی سماعت کی، دوران سماعت عدالت نے (بقیہ نمبر 55)

ڈی جی ایئرپورٹس اتھارٹی کا دورہ سکردو کا دورہ

ڈی جی پی اے اے نے ضلعی انتظامیہ سکردو کے اعلیٰ حکام سے ملاقات بھی کی

کراچی (سی ایم لنکس) ڈائریکٹر جنرل پاکستان ایئرپورٹس اتھارٹی ایئر وائس مارشل ذیشان سعید نے ڈپٹی ڈائریکٹر جنرل ایئرپورٹس انجینئر صادق الرحمان، ڈائریکٹر ایئرپورٹ سروسز، ڈائریکٹر انجینئرنگ سروسز اور ڈائریکٹر پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ کے ہمراہ (بقیہ نمبر 56)

سیکرٹری پبلک پراسیکیوشن سلمان غنی سرگودھا میں ضلعی دفتر کے شعبہ جات کا معائنہ کر رہے ہیں

کمرے کی چھت گرنے سے ملبے تلے دب کر میاں بیوی جاں بحق

مردان (اے ایف پی) خیبر پختونخوا کے ضلع مردان میں لوند خوڑ کے علاقے میں کمرے کی چھت گرنے سے ملبے تلے دب کر خاتون سمیت 2 افراد جاں بحق اور ایک شخص زخمی ہوگیا۔ ریسکیو 1122 کے مطابق اطلاع ملتے (بقیہ نمبر 60)

ایران نے نیک نیتی سے مذاکرات نہ کیے تو صدر ٹرمپ ضروری فیصلہ کریں گے، وائٹ ہاؤس

واشنگٹن (اے ایف پی) وائٹ ہاؤس کی نائب ترجمان انا کیلی نے کہا ہے کہ ایران نے نیک نیتی سے مذاکرات نہ کیے تو امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ ضروری فیصلہ (بقیہ نمبر 59)

PDP' وزیر بلدیات کا درکار مشینری کی فراہمی پر اطمینان

بھاری مشینری کی آمد سے شہری سیلاب سے نمٹنے میں بہت مدد ملے گی' ذیشان رفیق

لاہور (سی ایم لنکس) وزیر بلدیات ذیشان رفیق نے پنجاب ڈویلپمنٹ پروگرام (پی ڈی پی) کے لیے درکار بھاری مشینری کی فراہمی کے آغاز پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے اس بات پر زور دیا ہے کہ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کی جانب سے مقرر کردہ ٹائم لائن کا ہر مرحلے پر خیال رکھا جائے۔ پی ڈی پی کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے انہوں (بقیہ نمبر 57)

ایبولا سے کم از کم 118 افراد ہلاک، عالمی ہنگامی صورتحال کا

کنشاسا: (اے ایف پی) افریقی ملک جمہوریہ کانگو میں ایبولا وائرس کے پھیلاؤ سے اب تک کم از کم 118 افراد ہلاک ہو چکے ہیں جبکہ 390 سے زیادہ کیسز مشتبہ ہیں۔ براعظم افریقہ میں ڈیموکریٹک ریپبلک آف کانگو میں صحت کے حکام نے بتایا کہ ایبولا (بقیہ نمبر 61)

لوگوں کو آرام دہ سفری سہولیات فراہم کرنا چاہتے ہیں

فیڈرل حکومت کی کمپنی کو پیسے دیئے گئے اور وفاقی ادارے نے بسیں خرید لیں

کراچی (سی ایم لنکس) سندھ کے سینئر وزیر ٹرانسپورٹ و ماس ٹرانزٹ شرجیل انعام میمن نے کہا ہے کہ حکومت سندھ کراچی سمیت پورے صوبے میں لوگوں کو آرام دہ سفری سہولیات فراہم کرنا چاہتی ہے، آئندہ سرکاری بسیں بایوگیس پر نہیں بلکہ ای وی پر چلیں گی تاہم بایوگیس پلانٹ ریڈ لائن بی آر ٹی پروجیکٹ کے تحت لگایا جائے گا، اس منصوبے کے لئے (بقیہ نمبر 58)

امریکا ایرانی تیل پر عائد پابندیاں ہٹانے پر آمادہ

امریکا نے مذاکرات میں کچھ چیزوں پر لچک دکھائی، ایران کے 25 فیصد منجمد فنڈز بحال کرنے پر بھی اتفاق کیا، ایران

واشنگٹن' ایران کے صرف 25 فیصد منجمد فنڈز بحال کرنے پر اتفاق' تہران اپنے جوہری معاملے پر بعد کے مراحل میں بات کریگا

لندن (اے ایف پی) پاکستان کی ثالثی میں ہونے والے ایران امریکا امن مذاکرات میں بڑی پیشرفت، برطانوی میڈیا نے دعویٰ کیا ہے کہ امریکا نے ایرانی تیل پر عائد پابندیاں ہٹانے پر آمادگی ظاہر کی ہے، مذاکرات جاری رہنے تک امریکا ایرانی تیل پر عائد پابندیوں سے عارضی طور پر دستبردار ہو گا۔ برطانوی خبر رساں ادارے کی رپورٹ کے مطابق ایرانی عہدیدار کا کہنا ہے کہ اس کے علاوہ امریکا نے ایران کے 25 فیصد منجمد فنڈز بحال کرنے پر بھی کرنے پر آمادگی ظاہر کی ہے، مذاکرات جاری رہنے تک امریکا ایرانی تیل پر عائد پابندیوں سے عارضی طور پر دستبردار ہو گا۔ برطانوی خبر رساں ادارے کی رپورٹ کے مطابق ایرانی عہدیدار کا کہنا ہے کہ اس کے علاوہ امریکا نے ایران کے 25 فیصد منجمد فنڈز بحال کرنے پر بھی اتفاق کیا ہے، امریکا نے جوہری پروگرام کی حدود سمیت مذاکرات میں کچھ چیزوں پر لچک دکھائی۔ واشنگٹن نے ایران کے صرف 25 فیصد منجمد فنڈز بحال کرنے پر اتفاق کیا ہے، تہران اپنے جوہری معاملے پر بعد کے مراحل میں بات چیت کرے گا۔ ترمیم شدہ تجویز (بقیہ نمبر 62)

فوری ضرورت

Daily Awami Lalkaar روزنامہ عوامی للکار راولپنڈی

کو ملک بھر کے چھوٹے بڑے شہروں سے

نمائندگان و بیورو چیف درکار ہیں

خواہشمند امیدوار رابطہ کریں۔

0312-7786354

www.awamilalkaar.com

صوبائی وزیر خواجہ سلمان رفیق مجوزہ برن یونٹ سائٹ پر میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

1,400 کلومیٹر ریلوے ٹریک کی اپگریڈیشن کا منصوبہ

پاکستان ریلوے اور حکومتِ پنجاب نے 16 اپریل ایم او یو پر دستخط کئے تھے

لاہور (سی ایم لنکس) پاکستان ریلوے پنجاب میں تقریباً 1,415 کلومیٹر برانچ لائنوں کی اپ گریڈیشن پر کام کر رہی ہے جبکہ سندھ میں 44.5 ارب روپے سے زائد مالیت کے مضافاتی ریلوے منصوبوں کو بھی آگے بڑھایا جا رہا ہے۔ ویلتھ پاکستان کو دستیاب دستاویزات کے مطابق وزارت ریلوے صوبائی حکومتوں کے اشتراک سے قومی ریلوے نیٹ (بقیہ نمبر 36)

گورنر محمد نہال ہاشمی سے تاجروں کے وفد کی ملاقات

تعمیراتی اور صنعتی شعبوں کی ترقی سے نہ صرف روزگار کے نئے مواقع پیدا ہوں گے

کراچی (سی ایم لنکس) گورنر سندھ سید محمد نہال ہاشمی سے منگل کے روز معروف صنعتکاروں اور ممتاز کاروباری شخصیات عارف حبیب، عقیل کریم ڈھیڈی، ایس خالد تواب، محمد حسن بخشی، احمد چنائے، حنیف گوہر اور حاجی غنی عثمان نے گورنر ہاؤس میں ملاقات کی۔ ملاقات میں سندھ میں سرمایہ کاری کے فروغ، صنعتی ترقی، تعمیراتی شعبے اور مجموعی معاشی (بقیہ نمبر 37)

وزیر اعلیٰ کے پی کی اسلام آباد پولیس سے تلخ کلامی

راستہ کھولو! وزیر اعلیٰ کے ساتھ پی ٹی آئی کارکنان نے شیم شیم کے نعرے لگائے

راولپنڈی (سی ایم لنکس) بانی چیئرمین پی ٹی آئی عمران خان سے ملاقات کے لیے آنے والے وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی کو 26 نمبر چونگی پر روک لیا گیا جس پر اسلام آباد پولیس سے تلخ کلامی ہوگئی۔ اسلام آباد پولیس سے تلخ جملوں کے تبادلے کے دوران وزیر اعلیٰ سہیل آفریدی نے کہا کہ تم پاکستان کو توڑنا چاہ رہے ہو، تم ساڑھے 4 کروڑ عوام (بقیہ نمبر 38)

میاں نواز شریف سے ازبکستان کے سفیر کی ملاقات

پاکستان اور ازبکستان کے مابین دوطرفہ تعلقات کے مختلف امور پر تفصیلی تبادلہ خیال

لاہور (سی ایم لنکس) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صدر محمد نواز شریف سے ازبکستان کے سفیر علی شیر تختیوف نے ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران پاکستان اور ازبکستان کے مابین دوطرفہ تعلقات کے مختلف امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ محمد نواز شریف نے کہا کہ پاکستان اور ازبکستان کے درمیان تاریخی، مذہبی اور تہذیبی رشتے قائم ہیں، جن کی بنیاد پر (بقیہ نمبر 39)

صوبائی وزیر ذیشان رفیق مویشی منڈی دورے کے موقع پر بیوپاریوں سے گفتگو کر رہے ہیں

رات بارہ سے صبح چھ بجے تک سم کی فروخت پر پابندی

سم کی فعال سازی سے قبل بائیومیٹرک تصدیق لازمی مکمل کریں' پی ٹی اے

اسلام آباد (سی ایم لنکس) پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن اتھارٹی (پی ٹی اے) نے ملک میں غیر قانونی سموں کے اجرا کی روک تھام اور سکیورٹی نظام کو مزید موثر بنانے کے لیے تمام موبائل فون کمپنیوں پر ملک بھر میں رات بارہ بجے سے صبح چھ بجے تک سم کارڈز کی فروخت پر پابندی عائد کردی ہے۔ تفصیلات کے مطابق پی ٹی اے نے اہم اقدام اٹھاتے ہوئے (بقیہ نمبر 53)

ہم میاں نواز شریف کی طرح ڈیل نہیں' اسد قیصر

ہمارا مطالبہ ہے کہ بشریٰ بی بی اور بانی پی ٹی آئی کو اسپتال منتقل کیا جائے

تحریکِ تحفظِ آئینِ پاکستان اور پارلیمانی پارٹی اجلاس میں کچھ اہم فیصلے ہوئے

ہمیں دہشت گردی کا چیلنج درپیش ہے، نااہلی سے خارجہ پالیسیاں بنائی گئی

اسلام آباد (سی ایم لنکس) پاکستان تحریکِ انصاف (پی ٹی آئی) کے رہنما اسد قیصر کا کہنا ہے کہ ہم نواز شریف کی طرح ڈیل نہیں بلکہ انصاف چاہتے ہیں، ہمارا مطالبہ ہے کہ بانیء پی ٹی آئی کے فیصلے میرٹ پر ہوں۔ اسلام آباد میں پارلیمنٹ ہاؤس کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا ہے کہ ہمارا مطالبہ ہے کہ بشریٰ بی بی اور بانیء پی ٹی آئی کو اسپتال منتقل کیا جائے۔ اسد قیصر کا کہنا ہے کہ تحریکِ تحفظِ آئینِ پاکستان اور پارلیمانی پارٹی (بقیہ نمبر 54)

صوبائی وزیر بلدیات ذیشان رفیق پنجاب ڈویلپمنٹ پروگرام سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

PTA کا واٹس ایپ سے منسلک سمز بارے انتباہ جاری

واٹس ایپ سے منسلک غیر فعال، غیر رجسٹرڈ سمز کی بروقت تصدیق یقینی جائے، بیان

اسلام آباد (این این آئی) پی ٹی اے نے واٹس ایپ اکاؤنٹ سے منسلک سمز بارے انتباہ جاری کردیا۔ پی ٹی اے کی جانب سے جاری سوشل میڈیا پوسٹ میں کہا گیا ہے کہ آپ کی ڈیجیٹل شناخت آپ کی ذمہ داری ہے، اپنے واٹس ایپ سے منسلک غیر فعال یا غیر رجسٹرڈ سمز کی بروقت تصدیق یقینی بنائیں۔ پوسٹ میں کہا گیا ہے کہ آپ کا واٹس ایپ اکاؤنٹ اگر کسی غیر فعال، بلاک، منسوخ شدہ یا غیر رجسٹرڈ سم سے منسلک ہے تو جلد ہی (بقیہ نمبر 63)

انشورنس سیکٹر میں مقابلہ و سرمایہ کاری بڑھانے کا فیصلہ

بل میں انشورنس سیکٹر کو بیرونی سرمایہ کاری کیلئے مکمل کھولنے کی تجویز

اسلام آباد (این این آئی) حکومت نے انشورنس سیکٹر میں مقابلہ و سرمایہ کاری بڑھانے کا فیصلہ کرتے ہوئے قومی اسمبلی میں انشورنس بل مجریہ 2026ء پیش کر دیا۔ ذرائع کے مطابق بل میں انشورنس سیکٹر کو بیرونی سرمایہ کاری کیلئے مکمل کھولنے کی تجویز دی گئی ہے۔ نیا قانون 25 سال پرانے انشورنس آرڈیننس کی جگہ لے گا، بل میں انشورنس کلیمز کی تیز ادائیگی، تنازعات کے فوری حل کیلئے اقدامات تجویز کئے گئے ہیں۔ انشورنس بل میں کہا گیا (بقیہ نمبر 64)

وزیر ریلوے سے ڈی جی این ٹی سی کی ملاقات، باہمی تعاون کو فروغ دینے پر اتفاق

اسلام آباد (این این آئی) وزارت ریلوے اور این ٹی سی نے باہمی تعاون کو مزید فروغ دینے پر اتفاق کیا ہے۔ منگل کو جاری بیان کے مطابق وفاقی وزیر ریلوے حنیف عباسی سے ڈی جی نیشنل ٹیلی کمیونیکیشن کارپوریشن (این ٹی سی) میجر جنرل (ر) علی فرحان نے ملاقات کی جس میں پاکستان ریلوے میں جدید ٹیکنالوجی، ڈیجیٹل رابطہ کاری، کمیونیکیشن سسٹمز کی بہتری اور باہمی تعاون کے مختلف امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ حنیف عباسی نے کہا کہ پاکستان ریلوے کو جدید (بقیہ نمبر 65)

ایڈیٹر انچیف۔۔محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل اللہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔0309-7900035

تحریک تحفظ آئین پاکستان کا ملک گیر احتجاج کا اعلان

مہنگائی میں اضافہ عوام کیلئے شدید مشکلات کا باعث' ان حالات میں عوام کو ریلیف دینے کے بجائے مزید بوجھ ڈالا جا رہا ہے

سیاسی قیدیوں کو رہا کیا جائے، مبینہ لاقانونیت کے خاتمے اور آئینی و جمہوری اصولوں کی بحالی کیلئے احتجاج ناگزیر ہو چکا

اسلام آباد (اے ایف پی) تحریک تحفظ آئین پاکستان نے ملک میں بدترین مہنگائی، پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے، مبینہ لاقانونیت اور سیاسی قیدیوں کی رہائی کے مطالبات کے حق میں جمعہ کو ملک گیر احتجاج کا اعلان کرتے ہوئے کہا ہے کہ آئین، جمہوریت اور عوامی حقوق کیلئے ہر سطح پر (بقیہ نمبر 40)

کوئٹہ میں جعفر ایکسپریس دوسرے روز بھی منسوخ

ٹرین سروس کی بحالی سے متعلق فیصلہ حالات کا جائزہ لینے کے بعد کیا جائے گا

کوئٹہ (اے ایف پی) کوئٹہ سے پشاور جانیوالی جعفر ایکسپریس سروس دوسرے روز بھی معطل رہی۔ ریلوے انتظامیہ کے مطابق ٹرین منگل کو بھی روانہ نہیں ہوگی، جعفر ایکسپریس سروس ناگزیر وجوہات کی بنا پر منسوخ کی گئی ہے، جبکہ پشاور سے کوئٹہ آنے والی جعفر (بقیہ نمبر 42)

صوبائی وزیر خزانہ مجتبیٰ شجاع الرحمٰن کی زیر صدارت وزراء کی ریسورس موبلائیزیشن کمیٹی برائے مالی سال 27-2026 کا دوسرا اجلاس جاری ہے

پسند کی شادی پر مخالفین نے لڑکے کی رشتہ دار 3 لڑکیوں کو اغوا کر لیا

میر پور خاص (اے ایف پی) میر پور خاص میں مبینہ طور پر پسند کی شادی کرنے پر مخالفین نے لڑکے کی رشتہ دار 3 لڑکیوں کو اغوا کر لیا۔ رپورٹ کے مطابق اہلخانہ نے الزام لگایا ہے کہ مخالفین کے 40 سے زائد مسلح افراد نے (بقیہ نمبر 44)

3 ماہ کی چھٹیاں' نوٹیفکیشن' عملدرآمد روکنے کی استدعا مسترد

امریکا اور انگلینڈ سمیت بڑے ممالک میں تعلیمی سال 230 دن کا ہے

لاہور (سی ایم لنکس) لاہور ہائی کورٹ نے پنجاب کے تعلیمی اداروں میں 3 ماہ کی چھٹیوں کے نوٹیفکیشن پر عمل درآمد فوری روکنے کی استدعا مسترد کر دی۔ عدالتِ عالیہ میں جسٹس خالد اسحاق نے آل پرائیوٹ اسکولز فیڈریشن کی درخواست پر سماعت کی۔ درخواست میں موقف اختیار کیا گیا کہ پاکستان میں تعلیمی سال کم ہو کر 120 دن کا رہ گیا ہے جبکہ (بقیہ نمبر 41)

امریکی صدر ٹرمپ کا ایران پر حملہ ملتوی کرنیکا اعلان

پاکستان اسٹاک میں زبردست تیزی، 2000 سے زائد پوائنٹس کا اضافہ

کراچی (اے ایف پی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی جانب سے ایران پر حملے عارضی طور پر روکنے کے اعلان کے بعد منگل کو پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں مثبت تیزی دیکھنے میں آئی۔ کاروباری ہفتے کے دوسرے روز پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں زبردست تیزی ریکارڈ کی گئی اور 100 انڈیکس میں اب تک 2248 پوائنٹس کا اضافہ ہوا ہے۔ پاکستان (بقیہ نمبر 43)

بانی پی ٹی آئی کے طبی معائنے کیلئے میڈیکل ٹیم اڈیالا جیل پہنچ گئی

راولپنڈی (سی ایم لنکس) بانی پی ٹی آئی کے طبی معائنے کیلئے میڈیکل ٹیم اڈیالا جیل پہنچ گئی۔ جیل ذرائع کا کہنا ہے کہ میڈیکل ٹیم میں پروفیسر ندیم قریشی اور ڈاکٹر (بقیہ نمبر 45)

ترقی کے سفر میں خواتین کا کردار اہم ہے' ملالہ یوسفزئی

نوجوان جدید علوم کے ذریعے وطن کی ترقی کیلئے پرجوش انداز میں کام کر رہے ہیں، فلسطینی طالبات مسائل کو سمجھتی ہیں

افغانستان میں لڑکیاں چھپ کر تعلیم حاصل کرنے کی کوشش کر رہی ہیں' ملالہ کی گول میز اجلاس میں طلبہ کے ساتھ نشست

لندن (اے ایف پی) سماجی کارکن اور نوبل انعام یافتہ ملالہ یوسفزئی نے کہا ہے کہ پاکستان کے روشن مستقبل کیلئے بہت پرامید ہوں، نوجوان جدید علوم کے ذریعے وطن کی ترقی کیلئے پرجوش انداز میں کام کر رہے ہیں۔ ملالہ یوسفزئی نے لندن میں ورلڈ ایجوکیشن فورم میں خطاب کے بعد نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے (بقیہ نمبر 46)

سعد ایدھی کی اسرائیل میں گرفتاری' گورنر کا اظہار تشویش

انسانیت کی خدمت کرنے والوں کو روکنا عالمی قوانین کے خلاف ہے

کراچی (اے ایف پی) گورنر سندھ سید محمد نہال ہاشمی نے امدادی مشن پر جانے والے سعد ایدھی کی اسرائیل میں گرفتاری پر شدید تشویش کا اظہار کیا ہے۔ جاری بیان کے مطابق گورنر سندھ محمد نہال ہاشمی نے کہا کہ انسانیت کی خدمت کرنے والوں کو روکنا عالمی (بقیہ نمبر 47)

وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف ورلڈ ٹاور بن فورم میں سٹال کا معائنہ کر رہی ہیں

کھیت میں داخل ہونے پر مبینہ تشدد سے اونٹنی ہلاک، مقدمہ درج

راجن پور (اے ایف پی) راجن پور میں کھیت میں داخل ہونے پر ایک شخص نے اونٹنی پر مبینہ تشدد کیا۔ بارڈر ملٹری فورس کے مطابق تشدد سے اونٹنی ہلاک ہوگئی، مالک کی مدعیت میں مقدمہ درج کرلیا گیا۔ پولیس (بقیہ نمبر 50)

کینیا: پٹرول مہنگا کرنے کے خلاف پرتشدد مظاہرے، 4 افراد ہلاک، 30 زخمی

نیروبی (اے ایف پی) کینیا میں ایندھن کی قیمتوں میں حالیہ اضافے کے خلاف ملک گیر احتجاج میں چار افراد ہلاک اور کم از کم 30 افراد زخمی ہو گئے ہیں۔ یہ ہڑتال (بقیہ نمبر 51)

گھوٹکی، اجتماعی زیادتی کا شکار لڑکی کا انصاف فراہمی کا مطالبہ

گھوٹکی (لارڈ میڈیا) گھوٹکی میں اجتماعی زیادتی کا شکار لڑکی نے اعلیٰ حکام سے انصاف فراہمی کا مطالبہ کر دیا۔ متاثرہ لڑکی نے والدین کے ہمراہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا ہے کہ گاؤں وزیر چاچڑ میں 3 مئی کو 4 ملزمان نے مجھ سے اجتماعی زیادتی کی اور ویڈیو (بقیہ نمبر 52)

ایمان' ہادی علی کی متفرق درخواستیں سماعت کیلئے مقرر

دونوں کے وکلاء نے فیصلے کی کاپی متفرق درخواست کے ذریعے جمع کروادی تھی

اسلام آباد (سی ایم لنکس) اسلام آباد ہائیکورٹ میں ایمان مزاری اور ہادی علی چٹھہ کی سزا معطلی کیس مقرر کرنے کی متفرق درخواستیں کل سماعت کیلئے مقرر کر دی گئیں۔ اسلام آباد ہائیکورٹ کے رجسٹرار آفس نے درخواستیں مقرر کرنے کی کاز لسٹ جاری کردی۔ جسٹس محمد اعظم خان نے ایمان اور ہادی کی متفرق درخواستوں پر آج بھی سماعت کی تھی۔ (بقیہ نمبر 48)

آئی جی سندھ کا پنکی کو گلیمرائز نہ کرنے کا مطالبہ

کیس میں کئی معتبر نام شامل ہیں، منشیات خاتمے پر کام جاری' پریس کانفرنس

کراچی (این این آئی) آئی جی پولیس سندھ جاوید اوڈھو نے کہا ہے کہ پنکی کو گلیمرائز نہ کریں کہ اس پر فلم بن جائے، کیس میں کئی معتبر نام بھی ہیں، منشیات خاتمے پر کام جاری ہے، ایک ہزار سے زائد مجرموں کو پکڑا ہے۔ کراچی میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے آئی جی پولیس نے کہا کہ پنکی زیادہ لاہور میں رہتی تھی، کیس میں کئی معتبر نام سامنے آئے ہیں، ملزمہ (بقیہ نمبر 49)

وفاقی اردو یونیورسٹی سائنس کیمپس میں پولیس تھانہ قائم

تھانے منتقلی بارے آج ہی معلوم ہوا، یاد نہیں اپنے دستخط سے کوئی اجازت نامہ جاری کیا یا نہیں، رجسٹرار یونیورسٹی

تھانے میں سائلین کی آمد و رفت شروع ہو چکی ہے' تھانے کی منتقلی سے طلبا و طالبات میں خوف و ہراس کا شکار ہیں' ذرائع

کراچی (این این آئی) وفاقی اردو یونیورسٹی سائنس کیمپس گلشن اقبال میں پولیس تھانہ قائم کر دیا گیا۔ ذرائع کے مطابق عزیز بھٹی تھانے کو موجودہ جگہ سے اردو یونیورسٹی بی ایس سی بلاک کے پیچھے منتقل کیا جا رہا ہے، یونیورسٹی انتظامیہ نے فی الحال 6 ماہ کیلئے تھانہ منتقلی کی اجازت دی ہے۔ پولیس ذرائع کے مطابق تھانے میں پولیس کے کئی دفاتر منتقل ہو چکے ہیں، چند روز میں ایس ایچ او عزیز بھٹی بھی اردو یونیورسٹی میں ہی بیٹھیں گے، تھانے میں سائلین کی آمد و رفت شروع ہو چکی ہے۔ ذرائع کے مطابق تھانے کی منتقلی سے طلبا و طالبات میں خوف و ہراس کا شکار ہیں۔ اس حوالے سے رجسٹرار اردو یونیورسٹی نے بتایا ہے کہ یونیورسٹی میں تھانہ منتقلی کے بارے میں آج ہی معلوم ہوا ہے، مجھے یاد نہیں کہ میں نے اپنے دستخط سے کوئی اجازت نامہ جاری کیا ہے یا نہیں، کیمپس افسر درست بتا سکتے ہیں شائد انہوں نے وائس چانسلر سے (بقیہ نمبر 66)

مارکیٹ سے شرطیہ انتہائی کم ترین ریٹ پر

صرف 5000/- روپے میں

اپنے کاروبار کے لئے ویب سائٹ ہم سے بنوائیں۔

وہ بھی ڈومین اینڈ ہوسٹنگ کے ساتھ

Free.com domain
Features:
Free SSL Certificate
1 Click WordPress installer
Unlimited Space
Unlimited Bandwidth
Unlimited Email Accounts
Unlimited MySQL data bases
Unlimited Subdomains
Latest Version of PHP, MYSQL and cPanel
24/7/365 Support
100% Up time Guarantee
Free/Instant Setup

News Website
Business Website
School Website
TV Channel Website

ویب سائٹ میں ڈیٹا ڈالنے کا مکمل طریقہ بھی ساتھ سکھایا جائے گا

سی پینل اور ورڈ پریس دونوں اکاؤنٹ دیے جائے گے

یہ آفر محدود مدت کے لیے ہے

E-Commerce Website Price: 6000/-

Call / Whatsapp 0309-7900035